ایرانیوں کی نظر میں

ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید عرفانی

اقبال اکادمی ، کراچی

فہرست مضامین

سلسلۂ مطبوعات پاکستان کراچی

بار اول .. .. .. اپریل ۱۹۵۷ع

تعداد .. .. .. دو ہزار

قیمت .. .. .. دس روپے آٹھ آنے

Rs. 10-50 N.P

ناشر: اقبال اکادمی پاکستان۔ کراچی

طابع: انٹر سروسز پریس۔ جی پی او بکس ۴۴۲ کراچی

ممتاز حسن کے نام

یہ کتاب اقبال کے متعلق اہل ایران کے تاثرات کا مختصر مجموعہ اور میری ایران میں سات سالہ زندگی کی بہترین اور شیرین ترین یادگار ہے۔ میں اسکو ایک ایسے نام سے منسوب کرتا ہوں جسکے ذکر سے میری نگاہ میں اقبالیات کی فضا ایک رویا آفریں زیبائی میں محو ہوجاتی ہے اور اقبال کا تاثر اور سوز وگداز تجسم پیدا کرلیتا ہے۔ اجازت دیجئے کہ اس یادگار کو آپ کے نام نامی سے منسوب کروں۔

حمید عرفانی

تصاویر — بالعکس صفحہ

تعارف

اس تعارف سے ہمارا مقصد کتاب کے موضوع اور صاحب کتاب سے قارئین کا تعارف ہے۔ کتاب کا عنوان اسکے موضوع پر روشنی ڈالتا ہے اور قارئین کی توجہ اسکی ظاہری صورت سے ہی اسکے مطالب کی طرف منعطف ہوتی ہے۔

اس موضوع پر اردو زبان میں آج تک کوئی کتاب موجود نہیں تھی اور اسکا سبب یہ تھا کہ کوئی شخص پاکستان میں بیٹھ کر اس موضوع پر قلم نہیں اٹھا سکتا تھا۔ اسلئے ہمارے لئے یہ بھی ضروری ہوجاتا ہے کہ ہم کتاب کے ساتھ صاحب کتاب کو بھی قارئین کے سامنے پیش کریں۔

۱۹۴۷ع میں دنیا کی سب سے بڑی اسلامی سلطنت پاکستان کے نام سے وجود میں آئی اور ایران سے صدیوں کے ٹوٹے ہوئے سیاسی اور تمدنی تعلقات از سر نو قائم ہوئے اور ۱۹۴۹ میں ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید عرفانی پریس اور کلچرل اتاشی کی حیثیت سے ایران گئے۔ اگرچہ اس سے قبل بھی انگریزوں کی حکومت کے زمانہ میں حکومت ہند کیطرف سے کلچرل نمایندہ کے طور پر ایران میں رہ چکے تھے لیکن انکی موجودہ حیثیت نہ صرف جداگانہ تھی بلکہ پاکستانی ہونیکی حیثیت سے ممتاز بھی تھی۔ انہوں نے قیام پاکستان کے بعد ایران میں اپنے ہفت سالہ قیام کے دوران میں جس تن دہی اور جس خوبی سے کام کیا وہ انہیں کا حصہ ہے۔ ڈاکٹر عرفانی کی ایرانیوں میں بینظیر ہر دلعزیزی کا بیان میرے بس کی بات نہیں لیکن ۱۹۵۳ میں جب میں پاکستانی ثقافتی وفد کے ہمراہ کراچی یونیورسٹی کے نمایندہ کی حیثیت سے گیا

رومیؔ و اقبال

اور خانم ڈاکٹر کاظمی ،،رومی، عصر کے مقدمہ میں فرماتی ھیں۔

تو زکشمیر و خاک پاکستان ارمغانی برای ایرانی

ڈاکٹر عرفانی کی متعدد منثور و منظوم تالیفات ایران میں مقبولیت حاصل کرچکی ھیں۔ جن میں سے چند ایک کے نام یہ ھیں۔

۱— رومی عصر یا شرح احوال و آثار اقبال

۲— شرح احوال و آثار ملک‌الشعراء بہار

۳— ایران صغیر یا تاریخ شعراء پارسی گوی کشمیر

۴— فارسی امروز

۵— حدیث عشق و رباعیات عرفانی

لیکن ،،رومی عصر،، جسمیں اقبال کے کلام و پیام کو پیش کیا گیا ھے ابتک کئی بار چھپ چکی ھے اور اس کتاب کی مقبولیت ایران میں اقبال کی مقبولیت کو ظاھر کرتی ھے۔

عرفانی صاحب کو میں بچپن سے جانتا ھوں۔ ھم ایک جگہہ رھے ساتھ کھیلے ھیں ساتھ ھی پڑھا ھے اور اپنی زندگی کے ابتدائی قیمتی لمحات ساتھ گذارے ھیں۔ ۱۹۲۳ میں عرفانی علامہ اقبال کی اسرار و رموز چکوال ھائی سکول کے بزم اقبال کے جلسوں میں اپنی مخصوص لے میں ھمیں سنایا کرتے تھے۔

اسکے بعد جنوری ۱۹۳۰ میں جب میں علی گڑھ میں زیر تعلیم تھا وہ لاھور سے محض مجھ سے ملنے کیلئے آئے۔ اسکے بعد میری ملاقات انسے تہران میں ۱۹۵۳ میں ھوئی جسکا ذکر کر چکا ھوں:

تو میں نے ایران کے ادبی حلقوں میں انکی بڑی قدر و منزلت دیکھی بالخصوص اونچے طبقہ کے لوگ بھی انکی وضعداری، راست گفتاری، سخن سنجی اور معاملہ فہمی اور ایران دوستی کے معترف تھے. اس ضمن میں یہ ذکر کرنا مناسب ہوگا کہ مرحوم ملک‌الشعرا بہار عرفانی کو نہایت محبت اور احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور انکی مندرجہ ذیل دو بیتی جو انہوں نے بیماری کی حالت میں اپنی وفات سے کچھ عرصہ پہلے کہی ایران میں زبان زد عام و خاص ہے۔

دوش آمد پی عیادت من ملکی در لباس انسانی
گفتمش چیست نام پاک تو، گفت خواجه عبدالحمید عرفانی

اسکے علاوہ استاد سعید نفیسی نے ارمغان پاک کے مقدمہ میں عرفانی کو ادبیات فارسی معاصر کے ،،ارکان،، میں شمار کیا ہے۔ اپنے مقالات اور تحریرات میں استاد نفیسی، ڈاکٹر خطیبی، ڈاکٹر منوچہر اقبال، ڈاکٹر شفق، صادق سرمد، آقای حجازی، ڈاکٹر کاظمی اور دیگر ایرانی مشاہیر نے عرفانی کو جو خراج تحسین پیش کیا ہے، وہ اس مختصر تعارف کی حدود میں نہیں سما سکتا۔

اقبال کو ایران میں روشناس کرانے میں جو خدمت عرفانی نے انجام دی ہے اسکے متعلق ایران کے مشہور عالم اور ادیب ڈاکٹر رضا زاده شفق کی نظم کا ایک بند پیش کرتا ہوں:

آنکه اقدام مقبلان کرده شعر اقبال را بیان کرده
دفتر خویش از گل عرفان پاک محسود گلستان کرده
مسلک عارفان ایران را بهر پیر و جوان عیان کرده
شاعر دلنشین پاکستان پیش صاحبدلان نشان کرده
گر بپرسی ز نام او که چنین کار نیکی درین زمان کرده
من نمی گویمت تو خود دانی خواجه عبدالحمید عرفانی

و

رگ و ریشه میں سرایت کر گئی ہے وہ فارسی بولتے اور لکھتے تو ہیں ہی لیکن وہ جب کبھی اردو بولنے یا لکھنے کی کوشش کرتے تو بھی اسمیں فارسی کا اثر نمایاں ہو تا ہے۔ چنانچہ ہمارے دعوے کا ثبوت فارسی مقالوں اور تقریروں کے ترجموں میں ملیگا جو انہوں نے اس کتاب میں پیش کئے ہیں۔

کتاب کی معنوی خوبی کا اندازہ صرف مطالعہ کے بعد ہی ہو سکتا ہے۔ اور اسکے متعلق کوئی اظہار نظر کئے بغیر اسبات کا فیصلہ قارئین پر چھوڑتے ہیں۔

غلام سرور

(ڈاکٹر غلام سرور۔ ایم اے۔ پی ۔ ایچ ۔ ڈی ’علیگ،
صدر شعبہ فارسی کراچی یونیورسٹی)

۲۰ مارچ ۱۹۵۷ع

یہاں اس بات کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں کہ اقبال سے عشق بچپن ہی سے ہمارے درمیان مشترک تھا اور عرفانی کی طرح عشق اقبال میری ذہنی کیفیات کا بھی ہمیشہ سے ایک حصہ رہا ہے۔

۱۹۳۳ میں جب میں پہلی مرتبہ ایران گیا تو میں اپنے ہمراہ علامہ اقبال کی چند کتابیں لے گیا اور ,,جاوید نامہ،، کا ایک نسخہ میں نے سید محیط طباطبائی کی خدمت میں پیش کیا اور اسی طرح چند کتابیں بعض دیگر ایرانی ادبا تک پہنچائیں۔ اسی سفر کے دوران میں مجھے معلوم ہوا کہ بعض ادبا اقبال کے نام سے آشنا ہوچکے ہیں۔ چنانچہ میں نے دیکھا کہ ,,شکوہ،، اقبال کے ابتدائی اشعار کا ترجمہ ,,بدرگاہ پروردگار،، کے عنوان سے رسالہ ,,ندای قدس،، ۱۹۲۶ کے تیسرے نمبر میں صفحہ ۲۱۹ پر شایع ہو چکا ہے۔

لیکن جیسا کہ ظاہر ہے اقبال کے کلام سے بہت ہی کم لوگ آشنا تھے۔ اور جیسا کہ ڈاکٹر عرفانی نے اپنے مقدمہ میں بیان کیا ہے اسمیں ایرانیون کا کوئی قصور نہیں۔ قیام پاکستان سے پہلے اقبال کا کلام نہایت ہی کم اور محدود مقدار میں ایران تک پہنچا تھا مگر اب جبکہ حالات مساعد ہوئے تو نہایت تھوڑے عرصہ میں ایران کے طول و عرض میں اقبال کا کلام ہردلعزیزی حاصل کر چکا ہے اور یہ نہایت ضروری تھا کہ ابتدائی چند سالوں میں ایرانیوں کے تاثرات کو ضبط اور ثبت کر لیا جائے۔ یہ کام میرے دیرینہ دوست نے نہایت خوبی سے انجام دیا ہے۔ ہمیں نہایت خوشی ہے کہ عرفانی صاحب نے علامہ اقبال کے متعلق ایرانی ادبا اور فضلا کے خیالات کو اردو زبان میں ڈھال کر ہم تک پہنچایا ہے البتہ اس سلسلہ میں یہ کہنا ضروری معلوم ہوتاہے کہ ایران میں طویل قیام کی بنا پر فارسی زبان عرفانی کے

مقدمه

عصر حاضر خاصهٔ اقبال گشت　　واحدی کز صد هزاران بر گذشت
شاعران گشتند جیشی تارومار　　وین مبارز کرد کار صد سوار
هیکلی گشت از سـخنگوئی بپا　　گفت ’’ کل الصید فی جوف الفرا،،

ترجمہ :

’’موجودہ زمانہ خاص طور پر اقبال کا زمانہ ہے
اقبال تنہا لاکھوں سے بازی لیگیا

شاعر ایک پامال شدہ فوج کی مانند تھے
مگر اس جنگجو نے سینکڑوں سواروں کا کام کیا

شاعری ایک ہیکل (مجسمہ) کی صورت میں نمودار ہوئی
اور بولی ’’ شاعری کی تمام انواع و اقسام مجھ میں موجود ہیں۔،،

ایران معاصر کی ادبی تاریخ کی سب سے بڑی شخصیت ملک‌الشعراء بہار نے تقریباً گیارہ سال گزرے ان الفاظ میں اقبال کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ۔

سنہ ۱۹۴۴ میں طہران میں انجمن فرہنگی ایران و ہند کا افتتاح ہوا جسمیں مرحوم ملک‌الشعراء بہار نے ایک نظم ’’خطاب بہ ہند،،

ملک الشعرا بہار ، اور مولف

معمولی شاعروں کی کمی نہ تھی اور چند ایک نسبتاً بڑے شاعر بھی ہر وقت موجود تھے۔ اس لئے اگر دیگر حالات مساعد بھی ہوتے تو بھی ایرانیوں کو ایران سے باہر فارسی گو شعرا کی جستجو کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ اس کے علاوہ وہ اپنی داخلی کشمکش میں اتنے مشغول تھے کہ ایران سے باہر کے معاملات میں دلچسپی لینا ان کے لئے نا ممکن تھا۔

بیسویں صدی کے آغاز سے ایران گوناگوں مسائل سے رو برو تھا۔ تحریک مشروطہ اور لوگوں کی استبداد کے خلاف جنگ نے تمام ملک میں ایک نئی زندگی کی لہر دوڑا دی تھی۔ روس اور برطانیہ کی سیاسی شطرنج بازی نے حالات کو اور بھی پیچیدہ اور مشکل بنا دیا تھا۔ اس ماحول کا قدرتی طور پر معاصر ادبیات پر گہرا اثر پڑا۔ قوم کی تمام تر توجہ سیاسی اور معاشرتی موضوعات پر تھی۔ نئی نثر، نئی نظم اور نئی ادبی قدریں وجود میں آئیں اور اسی تحول کے زمانے میں کلاسک طرز کی نثر و نظم ایک حد تک طاق نسیاں ہو گئی اور معدودے چند علمی اور ادبی کام کرنے والوں کے علاوہ کسی کو انکا مطالعہ کرنے کی نہ فرصت تھی نہ حوصلہ۔

ان حالات میں اقبال کے کلام کا ایران میں ہر دل عزیزی حاصل کرنا ایک محال امر تھا۔ لیکن ہند و پاکستان کے لوگ جب یہ سنتے تھے کہ اقبال کو ایران میں کوئی نہیں جانتا تو عموماً یہ نتیجہ نکالتے تھے کہ اقبال کا کلام ایرانیوں کے ادبی اور معنوی معیار پر پورا نہیں اترتا۔ اس بات کی طرف توجہ نہیں دی جاتی کہ آیا اقبال کا کلام باندازۂ کافی ایرانیوں تک پہنچا بھی ہے یا نہیں۔ دوسرے یہ کہ آیا خود ایرانیوں کو جو جنگ مشروطہ اور دیگر بے شمار داخلی اور خارجی سیاسی اقتصادی مسائل

کے عنوان سے پڑھی - مندرجہ بالا تین شعر اسی معروف نظم سے نقل کئے گئے هیں - جن دنوں یہ نظم ایران میں پڑھی گئی اور وهاں کے اخبارات میں چھپی بہت کم ایرانی اقبال کو پہچانتے تھے - اس لئے اکثر پڑھنے یا سننے والوں نے ان اشعار کو ایرانی تکلف یا شاعرانہ مبالغہ سمجھا اور زیادہ توجہ نہ دی - اسکے چھ سال بعد ، یعنی اپریل ۱۹۵۰ع میں یوم اقبال کے موقع پر اپنی صدارتی تقریر میں بہار نے ان اشعار کو دهرایا اور اضافہ کیا ''میں اقبال کو ایران کی نو سو سالہ ادبی تاریخ کا خلاصہ سمجھتا هوں........'' اور آج اس واقعہ کے چھ سال بعد (۱۹۵۶) میں وثوق سے کہہ سکتا هوں کہ ایران میں جتنی قدر و منزلت اقبال کی هوئی هے اس کی مثال تاریخ میں کم ملتی هے - مگر ابھی تک اقبال کے بہت سے هم وطن اقبال کی روز افزوں هر دلعزیزی سے بیخبر هیں یا پورے طور پر باخبر نہیں -

یہ بات کہ اقبال کی زندگی میں بہت کم ایرانی اقبال کو پہچانتے تھے ، بالکل صحیح هے - اور اسکا سبب بھی بالکل واضح هے . مدتوں سے ایران و هندوستان کے درمیان معنوی اور فرهنگی روابط منقطع هو چکے تھے - اور باوجود اس گہری دلچسپی کے جو هندوستان میں ایرانی ادبیات سے متعلق صدیوں سے موجود تھی یہاں بھی نہایت کم لوگ ایران کے معاصر شعرا سے آشنا تھے - اور یہ قلیل آشنائی بھی فارسی پڑھانیوالے استادوں اور فارسی پڑھنے والے طالب علموں تک محدود تھی - ادھر ایرانیوں سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی تھی کہ وہ معاصر هندوستان کے فارسی گو شعرا میں غیر معمولی یا معمولی دلچسپی کا اظہار کریں - باوجود ادبی انحطاط کے گذشتہ ۵۰ سال کے عرصہ میں بھی ایران میں متوسط اور

قبل پروفیسر پور داؤد کے بیانات کی بنا پر هندوستان اور ایران کے ادبی اور سیاسی حلقوں میں پھیل گئی اور جسکو دور کرنیکی اب تک کوشش نہیں کی گئی۔

سنه ۱۹۴۳ ع میں ایران سے ایک کلچرل مشن هندوسنان آیا تا کہ ان دو همسایه ملکوں کے درمیان سالها سال کی جدائی کے بعد دوباره علمی اور ادبی تعلقات کو وسعت دے۔اس مشن نے هندوستان کے مختلف مقامات کا دوره کیا۔ دهلی اور علی گڑھ میں قیام کے دوران میں کسی اخباری نمایندے نے پروفیسر پور داؤد سے سوال کیا که آپ کی اقبال کے متعلق کیا رائے هے۔ بجائے اس کے که پروفیسر صاحب اس سوال کا صاف اور صحیح جواب دیتے (که میں نے اقبال کا بالکل مطالعه نہیں کیا اسلئے اسکے متعلق کوئی رائے نہیں دے سکتا) آپ نے کهه دیا که اقبال ایک محلی اور محدود علاقے کا شاعر هے اور ایران میں اسے کوئی نہیں جانتا۔ انکے اس بیان سے هندوستانیوں کے بالعموم اور هندوستان کے مسلمانوں کے احساسات کو بالخصوص صدمه پهنچا۔ یهی نہیں بلکه اقبال کے چند ایک ایرانی مداح بھی پور داؤد کے اس بیان سے رنجیده خاطر هوئے۔

مجلهٔ محیط , اردیبهشت ۱۳۲۳ (۱۹۴۴) ، نے اس واقعه کا نهایت افسوس کے ساتھ یوں ذکر کیا هے "کسی اخبار کے نامه نگار نے مشن کے ایک رکن سے (جنکا بیشتر ادبیات ایران قبل از اسلام سے تعلق هے یا فقط اوستا کی تعلیمات سے عشق رها هے اور اس سبب سے انکے دماغ *میں ادبیات بعد از اسلام کا مطالعه کرنیکے لئے جگه باقی نہیں رهی)* اقبال کے ادبی مقام کے متعلق بات شروع کی .... اور باوجود سفیر کبیر ایران آقای علی معتمدی کے سمجھانے کے ، ٹیگور اور اقبال کا مقابله

سے دوچار رہے ہیں اتنی فرصت ملتی ہے کہ وہ اقبال کی کتابوں کا سکون اور توجہ سے مطالعہ کر سکیں ؟

جیسا کہ اب ہمیں معلوم ہے، پہلے پہل اقبال کی جستہ و گریختہ کچھ نظمیں بعض افغانستان کے رسالوں کے ذریعے سے ایران میں پہنچیں - اور بعض ایرانی رسالوں نے انمیں سے ایک آدھ نظم نقل بھی کی - مجھے ڈاکٹر خانلری، پروفیسر تہران یونیورسٹی، نے ایک قدیم نسخہ مجلۂ سخن کا دکھایا جسمیں اقبال کی ایک نظم درج تھی جو کابل کے ایک رسالے سے نقل کی گئی تھی اور غلطی سے اقبال کو افغانستان کا شاعر تصور کیا گیا تھا۔ اس سے اتنی بات تو ظاہر ہے کہ اقبال کا جو کلام بھی ایران میں پہنچا اس کو ادبی رسالوں نے اشاعت کے قابل سمجھا - اگرچہ اقبال کو ایران میں شہرت حاصل نہ تھی پھر بھی چند ایک عالی پایہ ادیب اور دانشمند اس کے کلام سے گہرے طور پر متاثر ہو چکے تھے - ان چند ایک میں سے دو کے ساتھ مجھے ملاقات اور مصاحبت کا موقع ملا ہے - انکے نام یہ ہیں، استاد سعید نفیسی اور سید محیط طبا طبائی -

مرحوم اقبال کی ان ہر دو اصحاب سے خط و کتابت تھی اور یہ دونو صاحبان اقبال کے مداح اور قدردان تھے - ان کے علاوہ چند اور لوگ بھی اقبال کے نام سے یا تھوڑا بہت اس کے کلام سے آشنا تھے مگر سب سے پہلے جن اشخاص نے اقبال کے کلام میں دلچسپی کا اظہار کیا اور اسے سراہا اور دوسرے ایرانیوں کے سامنے اسکی تعریف کی، سید محیط طبا طبائی اور سعید نفیسی ہیں -

یہاں اس غلط فہمی کا ذکر کر دینا مناسب ہوگا جو چند سال

پور داؤد ، تہران یونیورسٹی میں قدیم آریائی زبانوں اور اوستا و پہلوی کے استاد ہیں اور انھوں نے نہ صرف اقبال کا مطالعہ نہیں کیا بلکہ اغلب ادبیات فارسی بعد از اسلام انکی حدود مطالعہ سے باہر رہی ہیں - بہر حال اقبال سے نا آشنائی اور بے اطلاعی ایرانیوں کا قصور نہیں - اسکی اصلی وجہ ہندوستان و ایران کے درمیان دو سو سال تک کا قطع ارتباط ہے-

اس بات کو بھی نہیں بھولنا چاہئے کہ اقبال کی زبان اور طرز بیان قدما و متوسطین اور متاخرین شعر کلاسک فارسی کے مطالعہ کا نتیجہ ہے - اگر اسکا سٹائل بہار ، ایرج ، عارف ، شہریار یا سرمد وغیرہ سے مختلف ہے تو یہ ایک طبعی امر ہے - دیکھنا یہ ہے کہ جو الفاظ یا اصطلاحات یا محاورات اقبال نے استعمال کئے ہیں وہ فارسی کے بڑے بڑے کلاسک شعرا کے ہاں موجود ہیں یا نہیں - اس کا بیسویں صدی کے شعرا سے مقابلہ کرنا بے انصافی ہے اور اقبال کو قدرتی طور پر اس بے انصافی کا شکار بھی ہونا پڑا - معدودے چند اقبال کو جاننے والوں میں سے بھی بعض اقبال کے فلسفیانہ اور حکیمانہ خیالات اور اسکے کلاسک طرز بیان سے صحیح طور پر لطف اندوز نہیں ہوتے تھے - اور اسکے علاوہ وہ اقبال کی ذہنی بیک گراؤنڈ (پس منظر) سے بھی ناواقف تھے - اس لئے چند ایک شعر ادھر ادھر سے پڑھکر اسکے کلام کو ترک کر دیتے تھے - اس ضمن میں ذیل کا واقعہ دلچسپی کا موجب ہوگا —

۱۹۳۳ ع میں افغانستان کے مشہور ادیب اور شاعر، آقای سرور گویا، فردوسی کی ہزار سالہ برسی کے جشن میں شرکت کے لئے تہران گئے - اقبال کو بھی غالباً شرکت کی دعوت دی گئی تھی مگر وہ بیماری کی وجہ سے نہ جا سکے - سرور گویا اقبال کے دوستوں اور مداحوں میں سے ہیں - ایک

کرتے ہوئے اس نے ایک بڑی ناروا بات کہی - اس واقعہ کا عام مسلمانوں میں سخت عکس العمل ظاہر ہوا - اور بعض جرائد نے اسکی شدت سے تنقید کی .... اگرچہ اس ناخوشگوار واقعہ کی تلافی کے لئے مشن لاہور گیا اور اقبال کے مزار پر ملت ایران کی طرف سے پھول چڑھائے...... اعضائے ہیئت ایران واپس آنے پر بھی اس واقعہ پر افسوس کرتے تھے...،،*

---

* پورا اقتباس یہ ہے:—

سال گذشته روزی که هیئت فرهنگی اعزامی ایران به هندوستان برای باز دید دانشگاه دهلی رفته بودند، مخبر یکی از روزنامه‌های هندوستان با یکی از اعضاء هیئت که بواسطهٔ توغل در ادبیات ایران قبل از اسلام و انس کامل با تعلیمات اوستائی برای مطالعه در آثار فارسی دری بعد از اسلام در فراخنای حوصله مشار الیه جای خالی نه مانده است، راجع به مقام ادبی اقبال داخل مذاکره شد و باوجودیکه آقای علی معتمدی (سفیرکبیر ایران در هند) بایشان خاطر نشان ساخت که در موقع گفتگو راجع به اقبال در سخن ادب را کاملا نگه دارد - باز هنگام مقایسه بین اقبال و تاگور حکمی ناروا کرد و مخبر روزنامه هم مصاحبه خویش را عیناً انتشار داد و این پیش آمد در افکار عمومی مسلمانان هند عکس‌العمل عجیبی تولید کرد تا جائی که در برخی از جراید هندوستان عمل دولت هند را در دعوت چنین هیئتی با فقر مادی و مضیقه دورۂ جنگ انتقاد سخت نمودند - باوجودیکه هیئت برای جبران این موضوع به لاهور رفت و آرامگاه ابدی اقبال را زیارت رسمی کرد و دسته گل بنام ملت ایران نثار نمود، باز خاطره تلخ روز پذیرائی دانشگاه دهلی موجب زحمت روحی و فکری اعضای هیئت تا هنگام مراجعت بایران بود -

میں نے خاموشی سے یہ سب باتیں سنی تھیں - اور مجھے اس واقعہ سے سخت رنج پہنچا - میں فوراً سرور خان کے پاس آیا اور اس سے اقبال کے چار فارسی دیوانوں کے متعلق جو میں اسوقت تک پڑھ چکا تھا، گفتگو شروع کردی اور کہا کہ مجھے افسوس ہے کہ جاوید نامہ ابھی تک مجھ تک نہیں پہنچا - میں نے گفتگو میں یہ بھی کہا کہ یہ صحیح ہے کہ اقبال کا اسٹائل آجکل کے فارسی شعرا سے کچھ مختلف ہے لیکن ابھی تک یہ طرز ایران کے مشرقی علاقوں میں رائج ہے - اور پسند کی جاتی ہے - اس گفتگو کا یہ اثر ہوا کہ افغانی شاعر کے حساس دل میں خوشی عود کر آئی - اور بالاخر جب وہ اس مجلس سے روانہ ہوا تو خوش و خرم تھا - مگر اپنے دل میں ضرور سوچتا ہوگا ، یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ اول درجہ کے فارسی گو شاعر بھی ایک دوسرے سے اسقدر بے خبر ہوں — ۱

پس ظاہر ہے کہ دس پندرہ سال قبل ایران میں اقبال کو بہت کم لوگ پہچانتے تھے - مگر چند ایک جنھوں نے اس کے کلام کا بغور مطالعہ کیا اسکی عظمت سے متاثر تھے - جیسا کہ سید محیط طبا طبائی کے بیان سے واضح ہے -

تقریباً انھیں دنوں ایران کے مشہور ادیب پروفیسر سعید نفیسی نے بھی اقبال کو چند خطوط لکھے جن میں اسکے کلام کی تعریف کی - سعید نفیسی کے خطوط اس وقت ہماری دسترس میں نہیں لیکن اقبال کے دو خطوں سے جو انھوں نے جواب میں لکھے، نفیسی کے خطوں کا مضمون واضح ہو جاتا ہے - یہاں اسبات کا ذکر بھی لازم ہے کہ اقبال کی تصنیفات

---

(۱) مجلہ محیط اردی بہشت ۱۳۲۳ —(۱۹۴۳)

دوستانہ سی مجلس میں جہاں چند ایک ایرانی ادیب اور شاعر موجود تھے۔ سرور گویا نے ادبا وغیرہ سے خطاب کرتے ہوئے اقبال کے متعلق سوال کیا مگر یہ سنکر کہ ایران میں اقبال کی طرف توجہ نہیں ہوئی انھیں صدمہ ہوا۔ آقای محیط طبا طبائی نے اس واقعہ کو یوں بیان کیا ہے:—۱۳۱۳ ھ ش (۱۹۳۳) فردوسی کے ہزارہ میں شرکت کے لئے مختلف ملکوں کے نمائندے تہران میں موجود تھے۔ آقای فلسفی (پروفیسر تہران یونیورسٹی) نے میرا (محیط طبا طبائی کا) افغانستان کے نمائندے سرور گویا سے تعارف کرایا ....حاضرین میں شعر و ادب کے متعلق گفتگو ہو رہی تھی۔ ضمناً ہندوستان میں فارسی شاعری کا ذکر آیا۔آقای گویا نے پوچھا کہ اقبال کے کلام کو ایران میں کس قدر شہرت حاصل ہے..........

مجلس کے ایک اہم رکن نے کہا کہ میں نے اس کے کلام کا ایک مجموعہ دیکھا ہے جو اچھے نستعلیق خط میں چھپا ہوا تھا۔ کچھ میں نے اسمیں سے پڑھا بھی ہے۔لیکن اس شاعر کو ایران میں کوئی شہرت حاصل نہیں اور اسکا کلام پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھا گیا — ۱

افغانی ادیب اس جواب کو سنکر سخت افسردہ خاطر ہوا اور گفتگو سے علیحدگی اختیار کر کے ایک طرف چپ چاپ کھڑا ہو گیا۔

---

(۱) یہ ' برجستہ ' رکن جنکا نام محیط نے نہیں لیا غالباً ملک‌الشعرا بہار ہونگے کیونکہ انھوں نے اقبال سے اپنی ابتدائی آشنائی کے متعلق جب ذکر کیا تو قریباً یہی کہا تھا کہ میں نے اول اول اقبال کو قابل اعتنا نہیں سمجھا —

ادبی محافل اور بعض مقالات کے دوران میں بار بار ذکر کر چکا ہوں لیکن ان بظاہر مختصر نظریات کو کسی کتاب یا رسالہ میں اب تک درج نہیں کیا گیا۔ لہذا بعض متعلقہ باتوں کو ثبت کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔

ایک دن میں نے بہار سے کہا کہ بعض ایرانی ادبا اقبال کے کلام پر اعتراض کرتے ہیں کہ بعض مقامات پر اسکا طرز بیان غیر مانوس اور ثقیل ہے اور بعض ترکیبات و الفاظ کو غیر صحیح سمجھتے ہیں۔ بہار یہ سنکر مسکرائے اور کہنے لگے کہ اقبال، رومی، حافظ، سعدی، یا ہر بڑے شاعر کے کلام کو سمجھنے اور اس سے لطف اٹھانیکے لئے اپنے پاس بھی کچھ فکری، معنوی اور تاریخی ذخیرہ ہونا چاہئے۔ یہ جوان ادیب اور شاعر اپنی محدود نگاہ اور مخصوص ذوق اور سلیقے کے ذریعے اقبال کی جامع شخصیت اور وسیع مطالعات کا جائزہ نہیں لے سکتے۔ اسکے علاوہ اقبال نے بعض ایسے مطالب اور نکتے اور نظریات بیان کئے ہیں جو اس سے پہلے فارسی زبان میں نہیں پائے جاتے۔ اس لئے اقبال کا کلام کم مطالعہ اور نیم خواندہ لوگوں کو نامانوس ہی نہیں بلکہ غیر قابل فہم معلوم دیتا ہوگا۔ پھر مسکرا کر کہا کہ نہ صرف اقبال کا کلام بلکہ سنائی، عطار، رومی، فرخی، خاقانی . . . . سب کا کلام ان کے لئے غیر مانوس اور ثقیل ہے۔ اور کہا میں نے اقبال کا سارا کلام پڑھا ہے لیکن مجھے کہیں کوئی غلطی نظر نہیں آئی۔ میں نے مثال کے طور پر کہا کہ اقبال کی آخری رباعی* میں

---

* اشارہ ہے اس رباعی کی طرف

سرودِ رفتہ باز آید کہ نایـد   نسیمی از حجاز آید کہ نایـد
سر آمد روزگار این فقیری   دگر دانای راز آید کہ نایـد

کو عام ایرانیوں تک پہنچانیکا کوئی باقاعدہ ذریعہ نہ تھا۔ یہی ہوتا تھا کہ کوئی دلچسپی رکھنے والا ادیب ہندوستان یا افغانستان سے ہدیہ کے طور پر کوئی کتاب کسی ایرانی دوست کو بھجوا دے۔ مثال کے طور پر محیط طبا طبائی اس تمام اشتیاق اور عقیدت کے باوجود جو انکو اقبال کے کلام سے تھی تاریخ اشاعت کے دو سال بعد تک جاوید نامہ حاصل نہ کر سکے اور بعد میں سرور گویا نے اقبال کو لکھا اور اقبال نے سرور گویا کی معرفت بہ کتاب محیط طبا طبائی کو بھجوائی ۔ مختصر یہ کہ ایرانیوں کی اقبال سے ناآشنائی کا ایک ھی سبب تھا اور وہ دو سو سال کا ادبی اور علمی بعد تھا —

اگست ۱۹۴۱ میں اتحادیوں کی فوجیں شمال اور جنوب سے ایران میں داخل ہوگئیں۔ انگریزی فوجوں میں کئی ایک ایسے ہندی مسلمان بھی تھے جنکو فوجی امور کے علاوہ فارسی ادبیات سے لگاؤ تھا۔ بعض سیاسی مقاصد کے حصول کے پیش نظر دولت برطانیہ کی کوشش تھی کہ ایران اور ہندوستان کے درمیان ثقافتی تعلقات کی تجدید کی جائے۔ اس مقصد کے لئے ۱۹۴۳ میں انجمن فرہنگی ایران و ہند کی بنیاد رکھی گئی۔ اس انجمن کے افتتاحی جلسے میں بہار نے اپنی تاریخی نظم ''خطاب بھند،، پڑھی جس میں ہندوستان کے عصر حاضر کو عصر اقبال کے نام سے یاد کیا۔ بہار اقبال کے کلام سے ذرا دیر سے آشنا ہوئے مگر اس کے بعد انھوں نے اقبال کے دامن کو نہیں چھوڑا۔ بہار کی اقبال سے آشنائی اور محبت اقبال کی ایران میں محبوبیت اور ہر دلعزیزی کی داستان میں اہم ترین واقعہ ھے۔ اور مرحوم ملک‌الشعراء نے مجھ سے مختلف صحبتوں میں اقبال کا، اسکے کلام کا اور اپنی محبت اور عقیدت کا ذکر کیا ھے۔ میں ان باتوں کا ایران کی

آئینہ میں دیکھ رہا ہوں۔ پہلے میں نے پیام مشرق کا مطالعہ کیا اور شاعر کی وسعت مطالعہ اور اسکی غیر معمولی قدرت بیان کا مجھ پرگہرا اثر پڑا ۔ پھر میں نے مثنوی کا مطالعہ کیا اور یہ بات مجھ پر روشن ہوگئی کہ مولانا جلال الدین بلخی کے بعد بہت کم کسی کو ایسی مثنوی لکھنے کی سعادت میسر ہوئی ہے۔ مطالب وہی ہیں مگر طرز بیان میں جدت ، ایجاز و اختصار اور شگفتگی ہے۔ چند سال گزرے انجمن فرہنگی ایران و ہند وجود میں آئی اور مجھ سے نظم لکھنے کو کہا گیا ۔ اور میں نے "خطاب بہند" لکھی اور اسکی بحر یعنی بحر مثنوی اس لئے انتخاب کی تاکہ اقبال کے بعض اشعار پر تضمین کر سکوں اور بعض جگہ تو میں نے اقبال ہی کے رنگ کو دہرایا ہے ۔ بہار نے چند شعر اپنے الفاظ کی تائید میں پڑھے ۔ اور اقبال کے اس شعر کو:—

زندگی جہد است و استحقاق نیست   جز بعلم انفس و آفاق نیست

کئی بار پڑھا اور اقبال کی مغفرت کے لئے دعا کی۔

بہار کے ساتھ اکثر ملاقاتوں میں اقبال کا ذکر رہتا ۔ اور وہ ہمیشہ اس بات کا افسوس کرتے کہ ہم ایک ہی زمانے میں تھے اورآپس میں ملاقات نہ کر سکے اور اقبال کو ایران سے اتنی گہری دلچسپی ہونیکے باوجود اس ملک میں آنے کا موقع نہ ملا—

بہار کو اقبال سے کچھ ایسی عقیدت ہو گئی تھی کہ وہ اپنے ملنے والوں سے بھی اکثر اسکا ذکر کرتے اور مجھسے کہتے کہ اقبال کے کلام کو ایرانیوں تک پہنچانا تمہارا فرض ہے ۔ اقبال کی تصنیفات کے چند ایک سیٹ چند ایک رسمی لوگوں میں تقسیم کر دینا کافی نہیں۔

کہتے ھیں کہ ,,این فقیری'' کی ترکیب غلط ھے - ,,این فقیر،، ھونا چاھئے - یا فقیری کو اسم معنی (Abstract noun) سمجھنا چاھئے - کہنے لگے کہ یہ لوگ نہیں جانتے کہ یہ ترکیب استادوں کے ھاں استعمال ھوتی رھی ھے - اور مثنوی سے شعر بھی پڑھکر سنائے جہاں حرف اشارہ کے بعد اسم با یائے نکرہ استعمال کیا گیا ھے —

بہار نے اضافہ کیا ، ایک وجہ اقبال سے دیر آشنائی کی یہ بھی ھے کہ ھم ایرانی اپنی ادبی روایات اور افتخارات میں متعصب واقع ھوئے ھیں - اور اگر کسی بڑے سے بڑے غیر ملکی شاعر کا ذکر آئے تو ھم بغیر کنجکاوی و مطالعہ کے فوراً اسکی تنقید میں کچھ کہدیں گے - مخصوصاً اگر اس شاعر کو ھمارے اپنے شعرا کے مقابل میں پیش کیا جائے - کیونکہ ھم تصور نہیں کرسکتے کہ سعدی، فردوسی، نظامی، حافظ، مولوی اور ایسے دیگر شعرا کے مقابلہ کا کوئی شاعر پیدا ھو سکتا ھے - بہار نے بات جاری رکھتے ھوئے کہا کہ چند سال ھوئے میں نے اقبال کا نام سنا - کسی نے ایسے ھی ذکر کیا کہ ھندوستان کا شاعر ھے جو فارسی میں شعر کہتا ھے میں نے اس کے کچھ شعر پڑھے بھی لیکن چونکہ میں ذھنی طور پر تیار نہ تھا میں نے کوئی خاص توجہ نہ دی - کیونکہ ھندوستان میں بیشمار فارسی گو شاعر پیدا ھوئے ھیں اور اب قریباً دو سو سال سے فارسی زبان وھاں تقریباً ختم ھو چکی ھے - میرا خیال تھا کہ ھوگا کوئی شاعر جو روایاتی ھندی طرز کی شاعری کا پیرو ھوگا - بہر حال میں نے اقبال کو کوئی خاص اھمیت نہ دی مگر جب حالات ذرا مساعد ھوئے اور کچھ ذھنی کشمکش سے نجات حاصل ھوئی تو میں نے اقبال کے کلام کا غور اور توجہ سے مطالعہ کیا - مجھے کچھ ایسا معلوم ھوا جیسے میں اپنی ملی ادبیات کو

بہار کہنے لگے ہماری شاعری کی یہی آهنگ ہونی چاہئے ۔ مگر ہمارے ہاں فرار، گریز اور مستی، خود فراموشی، عیش و عشرت بے دوام کی طرف زیادہ توجه دی گئی ہے ۔ پھر کچھ رک کر کہا ۔ کئی سال ہوئے میں نے ایک قصیدہ لکھا جسکی تشبیب روایاتی طرز بیان سے مطالب کے لحاظ سے مختلف تھی اور چونکہ اس کو اقبال کے ان اشعار سے ظاہری اور معنوی ارتباط ہے چند شعر سناتا ہوں ۔ میں نے یہ چند شعر نوٹ کر لئے : —

می فرو هل زکف ای ترک و بیک سو نه چنگ
جامه جنگ فرو پوش که شد نوبت جنگ

باده را روز بیفسرده بنه باده زدست
چنگ را نوبت بگذشت بنه چنگ ز چنگ

ازبر دوش تفنگ افکن و آسوده گزار
لختی آن دو سر زلف سیه غالیه رنگ

بہار اب چراغ سحری تھے ۔ بہت کم گھر سے نکلتے یا نکل سکتے تھے ۔ میری خواهش تھی که بہار یوم اقبال کے جلسے کی صدارت قبول کرلیں ، مگر ان کی کمزور حالت دیکھکر کچھ کہنے کی جرأت نه پڑتی تھی ۔ بالاخر اپریل کے شروع میں انکی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا آپ کی طبیعت اچھی نہیں ، لیکن اگر آپ ایک گھنٹه کے لئے تشریف لاسکیں اور ,,یوم اقبال،، کے جلسه کی صدارت فرمائیں تو ہمارے لئے باعث فخر ہوگا اور ملک کے ادبی اور علمی حلقوں پر اسکا اچھا اثر پڑیگا ۔ پہلے تو بیماری کی بنا پر اور پھر کچھ سیاسی وجوہات کی بنا پر انکار کیا لیکن میں نے بہار کو بتایا که سفیر کبیر پاکستان کو آپ سے قلبی ارادت ہے اور

دلیل آفتاب خود آفتاب ہوتا ہے ، تمہارا کام فقط یہ ہے کہ تم اقبال کو لوگوں سے متعارف کرا دو۔ سفارت پاکستان اتنا ہی کام کر سکے تو کافی ہے ۔

بہار دن بدن ضعیف اور کمزور ہوتے جاتے تھے ۔ سوئٹزر لینڈ کے ڈاکٹروں نے غیر قابل علاج قرار دے دیا تھا مگر باوجود کمزوری اور زندگی سے ناامیدی کے بہار اپنے علمی ادبی کاموں میں مصروف تھے اور علاوہ دیگر کتب کے سبک شناسی (حصہ نظم) کی تدوین میں مشغول تھے ۔ اس کتاب کا ذکر اکثر کرتے اور کہتے خدا کرے میں یہ کام پورا کر لوں ۔ اور کئی بار اس ضمن میں کہا کہ سبک شناسی حصہ نظم میں اقبال پر جداگانہ فصل ''سبک اقبال'' کے عنوان سے لکھوں گا کیونکہ اقبال نے اگرچہ ایران کی مختلف طرزوں کے شعرا سے استفادہ حاصل کیا ہے اس نے کسی ایک سبک (اسٹایل) کی پیروی نہیں کی بلکہ مختلف (اسٹایل) طرز بیان اور طرز فکر اسکے اسٹایل میں جمع ہوگئے ہیں اور یہ نئی طرز وجود میں آئی ہے ۔ بہار اسبات پر اظہار تعجب کرتے کہ سب سے کم اثر اقبال کے کلام میں ہندی طرز شعر کا ہے :—

بہار خصوصاً اقبال کی مبارزہ طلبی کو بہت پسند کرتے تھے ۔ ایک دن میں نے انکو یہ دو شعر سنائے —

لالۂ این چمن آلودۂ رنگ است ہنوز
سپر از دست میانداز کہ جنگ است ہنوز

ای کہ آسودہ نشینی لب ساحل ، بر خیز
کہ ترا کار بگرداب و نہنگ است ہنوز

فرہنگستان کے جلسے کے چند روز بعد انجمن دانشوران کے زیر اہتمام جلسہ ہوا جسمیں تہران کے بہت سے مشہور شاعروں نے شرکت کی اور نسیم شمال کے ایڈیٹر آقای محسن ساعی نے اقبال کے متعلق ایک مفصل مقالہ پڑھا - یہ سب جلسے ۲۱ اور ۳۰ اپریل کے درمیانی عرصہ میں ہوئے اور ایرانی اخبارات نے بھی اقبال کو خراج تحسین پیش کیا اور ان جلسوں کی کاروائی شائع کی—

انھیں دنوں ایران کے ایک مشہور ادیب آقای مجتبی مینوی نے ''اقبال لاہوری'' تألیف کی جسمیں اقبال کی شاعری کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی - یہ کتاب مجلہ یغما کی طرف سے شائع کی گئی —

اکتوبر ۱۹۵۰ میں ایک دن میں نے چند ایرانی ادبا اور شعرا کو اپنے گھر پر ایک ادبی جلسہ میں شرکت کے لئے بلایا - پروفیسر دیہیم نے جو آذربائیجان کے مشہور شاعر اور فصیح البیان خطیب ھیں جلسہ میں شرکت کی - پروفیسر دیہیم سے یہ میری پہلی ملاقات تھی - میں نے اقبال کے ''پیام مشرق'' سے چند شعر پڑھکر پروفیسر مذکور کو سنائے - میرا شعر پڑھنے کا لہجہ ایرانی لہجہ سے مختلف تھا اس لئے پروفیسر صاحب نے کوئی خاص توجہ نہ دی - اور کتاب میرے ھاتھ سے لے لی - چند منٹ ادھر ادھر سے کچھ شعر پڑھے اور پھر خود بخود اٹھ کھڑے ہوئے اور نہایت جوش سے حاضرین کو مخاطب کر کے اقبال کے اشعار پڑھنے لگے اور ساتھ ھی ساتھ اقبال کے کلام کی معنوی اور آھنگی خوبیوں پر تعجب کا اظہار کرتے جاتے تھے - آخر میں اقبال کی یہ غزل :

صد نالہ شبگیری صد صبح بلاخیزی

صد آہ شرر ریزی یک شعر دلاویزی

ہمارے لئے آپ کا مقام سیاست سے بالاتر ہے تو میری درخواست قبول کر لی اور ۲۱ اپریل کی شام کو میں بہار کو لانے کے لئے گیا - بہار بہت کمزوری محسوس کر رہے تھے مگر میرے اور اپنی بیٹی پروانہ خانم کے اصرار پر تیار ہوگئے اور میں دونوں باپ بیٹی یعنی بہار اور پروانہ خانم کو اپنے ہمراہ سفارت کی موٹر کار میں اپنے ہمراہ لے آیا - بہار نے مجھ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج مجھ میں بالکل سکت نہ تھی - محض اقبال کی محبت کی حرارت مجھے کھینچ لائی ہے - بہار نے بیٹھے بیٹھے اپنا خطبہ صدارت پڑھا جسمیں اقبال کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اقبال ہماری نو سو سالہ ادبی تاریخ اور اسلامی مجاہدت کا نمائندہ ہے - اسی جلسہ میں ایران کے سابق وزیر اعظم سید ضیاءؒ الدین طبا طبائی نے اقبال سے اپنی فلسطین میں ملاقات کا ذکر کیا اور اسکے مندرجہ ذیل دو اشعار کے موضوع پر تقریر کی :—

هر که او را قوهٔ تخلیق نیست پیش ما جز کافر و زندیق نیست
بندهٔ آزاد را آید گران زیستن اندر جهان دیگران

۱۹۵۰ میں سفارت پاکستان کی طرف سے پہلی مرتبہ یوم اقبال منایا گیا اور بہار کے خطبہ صدارت نے ایران کے ادبی حلقوں کی توجہ اقبال کیطرف جلب کر لی - چند دن کے بعد فرہنگستان ایرانی (ایرانی اکادمی) کی طرف سے شاندار جلسہ ہوا جسمیں ایران کے مشہور ادیب اور سیاستمدار آقای علی اصغر حکمت نے تقریر کی اور اقبال کی تمام فارسی تصنیفات پر سیر حاصل تبصرہ کیا - اسی جلسہ میں اقبال کے رنگ تغزل کی تعریف کرتے ہوئے ڈاکٹر صورتگر شیرازی اپنی ایک غزل جو اقبال کے رنگ میں کہی ہوئی تھی پڑھی —

میں نے دوبارہ صدارت قبول کرنیکی درخواست کی ۔ کہنے لگے بھئی سچ تو یہ ھے کہ کمزوری وغیرہ کے علاوہ ایک بڑی وجہ یہ ھے کہ میں نے اقبال کا کلام بالکل نہیں پڑھا ۔ اور اب میرے پاس مطالعہ کرنے اور اپنے خیالات کو تحریر میں لانیکا وقت نہیں ۔ میں نے کہا کہ جس طرح آپ نے استعمار و استبداد کے خلاف ملت ایران کو ابھارا اسی طرح اقبال نے ھندوستان کو فکری اور سیاسی غلامی سے نجات دینے کی کوشش کی ھے ۔ اقبال کی مثنوی " پس چه باید کرد ای اقوام شرق " میرے ھاتھ میں تھی اور میں نے کھول کر انکو پیش کی ۔ اتفاق سے انکی نگاہ ایسے اشعار پر پڑی جن میں اقبال نے فکری بردگی اور سیاسی غلامی کے خلاف آواز اٹھائی ھے ۔ ڈاکٹر محمد معین سے کہا کہ یہ چند شعر نوٹ کرلو ۔ اور چند شعر اپنے نظریات کے متعلق ڈاکٹر صاحب کو نوٹ کرادیئے ۔ مجھسے مخاطب ھوکر کہنے لگے " بہت اچھا ھوا تم آگئے اقبال سے اس مختصر سی آشنائی سے اپنے اندر ایک نئی قوت محسوس کرتا ھوں ۔ میں بڑے فخر سے حاضر خدمت ھونگا اور اقبال کے جہاد کے متعلق ھی چند کلمے اپنی صدراتی تقریر میں کہونگا ۔ خدا اسے غریق رحمت کرے " ۔ علامه کی تقریر اور منظوم قطعه متن کتاب میں درج ھیں —

۱۹۵۳ع کا سال بعض لحاظ سے قابل ذکر ھے، یوم اقبال کے جلسوں میں عموماً چھوٹی چھوٹی اور عام پسند قسم کی تقریریں ھوتی تھیں مگر لوگوں کی دلچسپی اور اشتیاق کو دیکھتے ھوئے میں نے تہران یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر حسین خطیبی سے اقبال کے اسٹائل پر ایک جامع تقریر کرنے کے لئے درخواست کی ۔ ڈاکٹر خطیبی تہران یونیورسٹی میں شعبه سبک شناسی کے صدر ھیں اور تنقید اور تقریظ کے فن میں مہارت رکھتے ھیں ۔ ڈاکٹر خطیبی

پڑھ کر سنائی ۔ پڑھنے کے انداز سے ان کا جوش اور حرارت ظاہر تھی ۔ آخر میں ذیل کے شعر کو کئی بار پڑھا :

مطرب غزلی، بیتی، از مرشد روم آور
تا غوطه زند جانم در آتش تبریزی

اور کہا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک غیر ایرانی جس کے کان فارسی زبان کی شیرینی تلفظ اور آہنگ سے نا آشنا ہوں یہ شعر کہہ سکے ۔ حاضرین نے بھی پروفیسر دیہیم کی تائید کی ۔ اس جلسہ میں جو اقبال کی غزلیں خاص طور پر پسند کی گئیں وہ ہمارے یہاں زیادہ معروف نہ تھیں اور جس چیز کو پروفیسر دیہیم اور دیگر حاضرین نے پسند کیا وہ اقبال کا رنگ تغزل اور زور کلام تھا نہ محض فلسفیانہ خیالات و نظریات —

۱۹۵۲ میں بعض ایرانی احباب کے توسط سے علامہ علی اکبر دھخدا* سے یوم اقبال کی صدارت کے لئے درخواست کی ۔ علامہ دھخدا بڑھاپے اور علالت کی وجہ سے گھر سے بہت کم نکلتے تھے اور انھوں نے جلسہ کی صدارت قبول کرنیسے انکار کر دیا ۔ میری بڑی آرزو تھی کہ علامہ جلسہ میں شرکت کریں اور میں نے استاد سعید نفیسی سے اس بارے میں مشورہ کیا ۔ استاد نفیسی کا خیال تھا کہ دوبارہ کوشش کرنا بے سود ہوگا ۔ میری علامہ دھخدا سے نہایت مختصر آشنائی تھی لیکن آخری کوشش کے لئے میں خود ہی انکی خدمت میں حاضر ہوا ۔ پروفیسر محمد معین جو فارسی دائرۃالمعارف کی تألیف میں علامہ کے رفیق کار ہیں وہاں موجود تھے ۔

---

*علامہ ایک طویل علالت کے بعد ۹ فروری (۱۹۵۶ع) میں وفات پا گئے۔

تقاضا کیا کہ اقبال کی ایرانیوں سے آشنائی کے لئے مزید اور دیرپا وسائل مہیا کئے جائیں ۔ ایرانی اخبارات نے جو پبلیسٹی خواتین کے جلسہ کو دی بے سابقہ تھی ۔ شاید ھی کوئی اخبار ھو جس نے ڈاکٹر کاظمی کی تقریر کا خلاصہ اور جلسہ کی کارروائی شائع نہ کی ھو ۔

ایران کے دوسرے شہروں سے بھی خطوط آنے لگے جن میں اقبال کی تصنیفات مہیا کرنے کے لئے کہا گیا ۔ میں نے نہایت جلدی میں اقبال کو ایرانیوں سے متعارف کرانے کے لئے ایک مختصر کتاب ،، رومی عصر ،، کے نام سے تألیف کی ۔ اس کتاب میں اقبال کی زندگی، ان کے برجستہ عقائد، فارسی تصانیف کا خلاصہ اور چند اقتباس اقبال کے متعلق ایرانیوں کے اپنے مقالات اور منظومات سے درج ھیں ۔ کسی غیر ایرانی کی فارسی زبان میں لکھی ھوئی کتاب کے لئے تہران میں پبلشر ملنا مشکل تھا — مگر لوگوں کی اقبال میں بڑھتی ھوئی دلچسپی اور محبوبیت کو دیکھتے ھوئے ،، کانون معرفت ،، نے اپنے خرچ سے کتاب چھپوا دی اور کوئی دو سو نسخے سفارت کی طرف سے مفت تقسیم کئے گئے — مگر جس بات کی سابق ادبی تاریخ میں مثال کم ملتی ھے وہ یہ ھے انجمن فرھنگی ایران و پاکستان اور دوسرے ایرانیوں کی طرف سے ایک ھزار نسخے ملک میں ھدیہ کے طور پر تقسیم کئے گئے — ،، رومی عصر ،، کے لئے ایران کی تاریخ کے سب سے بڑے میناتور نقاش استاد حسین بہزاد نے دو تصویریں بنائیں — استاد بہزاد بڑھاپے اور علالت کے سبب اب بہت کم کام کرسکتے ھیں اور چونکہ اب ان کی تصویریں بہت کم یاب ھیں ان کی مانگ بھی زیادہ ھے، مگر استاد بہزاد نے اقبال سے اپنے آپ کو منسوب کرنے کی غرض سے دو تصویریں جن کی قیمت کم از کم دو ھزار روپئے ھے مؤلف کو ھدیہ کے طور پر پیش کیں —

نے یہ مشکل کام اپنے ذمہ لیا اور اقبال کی تمام فارسی تصانیف کا مطالعہ کرنیکے بعد اقبال کے اسٹائیل اور طرز بیان پر ۲۱ اپریل کو تقریباً ایک ہزار کے مجمع میں تقریر کی - پروگرام میں صرف ایک ھی تقریر تھی اور قریباً ڈیڑھ گھنٹہ جاری رھی مگر سامعین نے نہایت دلچسپی سے ساری تقریر کو سنا اور بعض اخبارات نے پوری کی پوری تقریر شائع کی - اور اس کا خلاصہ دوبارہ تہران یونیورسٹی کی میگزین میں چھپا —

ڈاکٹر خطیبی کی تقریر ریڈیو تہران سے ریلے کی گئی اور اس طرح لاکھوں لوگوں نے اس کو سنا - ۱۹۵۳ ع کے جلسہ میں جگہ کی قلت کے باعث، باستثنا چند صرف مردوں ھی کو دعوت دیگئی تھی — جلسہ کے بعد تہران کی بعض تعلیم یافتہ خواتین نے اس کا گلہ کیا اور خواھش ظاھر کی کہ خواتین کے لئے جداگانہ جلسہ ترتیب دیا جائے - اس وقت سفارت کبری پاکستان کے کاردار (مدارالمهام) میاں نسیم حسین تھے. صاحب مذکور نے نہایت خندہ پیشانی سے جلسہ کے تمام اخراجات اپنے ذمہ لئے اور تہران کے زنانہ کالجوں اور اسکولوں کی استانیوں اور دیگر پڑھی لکھی عورتوں کو دعوت دیگئی اور ۷ مئی کو سفارت کبری پاکستان کے ھال میں جلسہ ھوا — جلسہ کے وقت موسلا دھار بارش ھورھی تھی اور ھمیں ڈر تھا کہ خواتین اپنے گھروں سے نہیں نکل سکیں گی - لیکن ٹھیک وقت پر جوق در جوق مہمان آنے شروع ھوئے - اور سفارت کا ھال کھچا کھچ بھر گیا - عورتوں کے اس پہلے اور سہم جلسہ میں ایران کی ھر دلعزیز اور دانشمند خاتون ڈاکٹر کچکینہ کاظمی (جو تہران میڈیکل کالج میں تعلیم دیتی تھیں) نے اقبال کی زندگی اور اس کی شاعری کی مختلف پہلوؤں پر ایک عام فہم تقریر کی - یہ تقریر بہت مقبول ھوئی اور حاضرین جلسہ نے متفقہ طور پر

کی جس میں پاکستانی ٹیم کو رسمی طور پر خوش آمدید کہنے کے بعد بیس ہزار تماشائیوں کے مجمع کو خطاب کرتے ہوئے کہا "آپ لوگوں کو معلوم ہونا چاہئے کہ یہ ٹیم کوئی غیر ملکی ٹیم نہیں — یہ ٹیم اقبال کے وطن سے آئی ہے — اقبال جس نے صدیوں کے بعد فارسی زبان اور ادبیات کو شبہ قارہ ہندوستان میں زندہ کیا اور پاکستان کا نقشہ تیار کیا ، ہمارا ہم وطن ہے ، اس کے ہم وطن ہمارے ہم وطن ہیں — آپ کو چاہئے کہ اس ٹیم کو ایرانی ٹیم سمجھیں۔" ان الفاظ کا فوری اور ہمہ گیر اثر ہوا اور اس امر کے باوجود کہ کھیل مقابلے کا تھا، ایرانی تماشائی پاکستانی کھلاڑیوں کی اسی طرح ہمت افزائی کرتے تھے جیسی اپنی ٹیم کی اور جب میچ ہار جیت کا فیصلہ ہوئے بغیر ختم ہوگیا تو ایرانیوں نے خاص طور پر خوشی کا اظہار کیا —

اہالی تبریز کے تأثرات

۱۹۵۴ ع مجھے تبریز جانیکا اتفاق ہوا - رئیس دانشگاہ تبریز(چانسلر تبریز یونیورسٹی) جناب آقای ڈاکٹر امین نے مؤلف کے اعزاز میں دانشکدہ ادبیات (کالج فار لٹریری اسٹڈیز) میں ایک ادبی جلسہ کیا جس میں یونیورسٹی کے پروفیسروں اور سینیر طالب علموں کے علاوہ تبریز کے بر جستہ ادبا نے بھی شرکت کی۔ اس جلسہ میں صدر شعبہ ادبیات پروفیسر خیام پور، رئیس دانشگاہ ، ڈاکٹر امین اور جناب آقای جم (جو صوبہ کے گورنر تھے اور اپنے علم و دانش کے سبب تمام حلقوں میں احترام کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں) نے تقریریں کیں ۔ ان سب حضرات کی تقریروں میں ایک بات مشترک اور نمایاں تھی اور یہ وہ کہ اقبال نے صدیوں کے بعد ایران و پاکستان کے تاریخی

ایرانیوں کی روز افزوں دلچسپی کو دیکھتے ہوئے ،،رومی عصر،،
کے دو سو نسخے وزارت تعلیم ایران نے سرکاری کتبخانوں کے لئے تقسیم کئے
اور انجمن فرہنگی کی موٴسسں اور نائب صدر ڈاکٹر کچکینہ کاظمی نے
پانچ سو نسخے اسکولوں کے معلمین اور طالب علموں میں تقسیم کئے۔
کتاب کی مانگ بدستور جاری ہے —

اس کتاب کے متعلق اتنی تفصیل اس لئے نہیں دیگئی کہ یہ کتاب
فی نفسہ کوئی غیر معمولی خوبی کی کتاب ہے ، بلکہ یہ ذکر اس لئے کیا
گیا ہے کہ قارئین کو معلوم ہوجائے کہ ایران میں لوگ ایک نہایت
تھوڑے سے عرصہ میں اقبال میں کتنی دلچسپی لینےلگے ہیں ! حتی کہ اس
کتاب پر جوبیشمار تقریظیں لکھی گئی ہیں وہ زیادہ تر اقبال کی اہمیت اور
عظمت کے متعلق ہیں نہ کتاب یا مؤلف کتاب کے متعلق — مؤلف نے صرف
یہ کوشش کی ہے کہ اقبال کو عام فہم طریقہ سے ایرانی عوام سے آشنا
کرائے باقی،، آفتاب آمد دلیل آفتاب ،، یہ خود اقبال کی ظاہری اور معنوی
عظمت ہے جس سے ہر صاحب دل اور صاحب ذوق ایرانی متأثر ہوتا ہے —

جیسا کہ اوپر بیان ہوچکا ہے ۱۹۵۰ ع کے بعد ادبی اور علمی حلقوں
میں اکثر اقبال کا ذکر رہتا تھا — مگر کھیل اور ورزش کے میدان میں
اقبال کا ذکر ایک نئے باب کا اضافہ تھا۔ اس لئےذیل کا واقعہ درج کرتا ہوں۔
۱۹۵۱ ع میں پشاور سے ایک فٹ بال ٹیم ایران کے دورے پر آئی — اس ٹیم کا
سب سے اہم میچ تہران کی منتخب ٹیم سے ایران کے خوبصورت اور شاندار
اسٹیڈیم امجدیہ میں ہوا — میچ شروع ہونے سے پہلے ایرانی فٹ بال فیڈریشن
کے سکریٹری پروفیسر ڈاکٹر کنی (Dr. Kani) نے مختصر سی تقریر

21

خانم ڈاکٹر کچکینہ کاظمی نائب صدر ایران پاکستان کلچرل ایسوسی ایشن
یوم اقبال کے زنانہ جلسہ میں تقریر کر رہی ہیں۔

اور معنوی ارتباط کو زندہ کیا ہے اور ایران میں پاکستان کی محبوبیت کو جس چیز نے وسعت دی ہے وہ اقبال کا کلام اور اس کے خیالات ہیں ۔ جناب آقای جم، شیخ محمود شبستری کی اولاد سے ہیں اور انہوں نے اقبال اور شیخ محمود کے روحانی ارتباط کا خاص طور پر ذکر کیا ۔ ان تقریروں کا بیشتر حصہ ریڈیو تبریز نے نشر کیا ۔ اور مجھ سے خاص طور پر کہا گیا کہ اقبال اور رومی کے متعلق تقریر کروں ۔

نوجوان طالب علموں کا اشتیاق قابل دید تھا ان کا بار بار یہی تقاضا تھا کہ اقبال پر پمفلٹ چھپوا کر انہیں بھجوائے جائیں ۔ میرے پاس ایک دو ورق کا ' جزوہ ' موجود تھا جس کے ایک صفحہ پر استاد بہزاد کی نقاشی " رومی و اقبال " اور باقی دو صفحوں پر دونوں کے منتخب اشعار تھے ہر دس طالب علموں کے گروپ کو ایک دو ورقی ' جزوہ ' تقسیم کیا گیا ۔ اور بعض طالب علموں نے پی ۔ ایچ ۔ ڈی ۔ کے لئے اقبال پر رسالہ لکھنے کی خواہش ظاہر کی مگر افسوس کہ جو وسائل اس کام کے لئے اور دیگر انتشارات کے لئے لازم تھے وہ میری دسترس سے باہر تھے ۔

تبریز میں قیام کے دوران میں آذربائیجان اور ایران کے نامور شاعر آقای محمد حسین شہریار سے ملاقات ہوئی ۔ بلکہ یہ کہنا صحیح تر ہوگا کہ شہریار ، محمد نخجوانی تاجر (جو دانش اور ادب پروری کے لئے معروف ہیں) کے مکان پر میری ملاقات کو تشریف لائے ۔ کوئی گھنٹہ بھر گفتگو رہی ۔ فارسی مجلہ ہلال کا ایک نسخہ میں نے ان کی خدمت میں پیش کیا ۔ اس شمارے میں اقبال کی نظم " تنہائی " چھپی ہوئی تھی ۔ شہر یار نے نظم پڑھی پھر حاضرین کو پڑھکر سنائی اور کہا یہ شعر فارسی کا بہترین اور جدید

نمونه ھے اسی موقع پر ڈائریکٹر تعلیم آقای دھقان نے وعدہ کیا کہ ھم اقبال کے کلام کو آذربائیجانیوں سے آشنا کرانے میں ھر قسم کے تعاون کے لئے حاضر ھیں —

ایرانی ادبا اور شعرا کے بہت سے مقالات و تقریریں اور قصائد مختلف جرائد میں چھپ چکے ھیں اور متن کتاب میں ان کے اقتباسات پیش کئے گئے ھیں ۔ اس تمہید میں اغلب وہ باتیں بیان کی گئیں ھیں جو کسی کتاب کی شکل میں شائع نہیں ھوئیں لیکن دوستداران اقبال کے لئے اھمیت رکھتی ھیں —

میرا یہ مقدس فرض ھے کہ ایرانیوں کے پر محبت تأثرات اور ان کا نہایت دوستانہ اور بے نظیر عکس‌العمل جو اقبال کے متعلق میں نے گذشتہ سات سال کے عرصہ میں دیکھا ، سنا یا پڑھا اپنے ھم وطنوں کے لئے ثبت و ضبط کردوں ۔ تا کہ یہ ابتدائی اور شیریں یادگاریں فراموش نہ ھوجائیں .

اقتباسات اور ترجمه

مؤلف نے زیادہ تر ایسے مقالات اور منظومات سے اقتباس نقل کئے ھیں جنکو یا تو تاریخی اھمیت حاصل ھے یا ایران کے مختلف علمی، ادبی اور سوشل حلقوں کے خیالات اور تأثرات کی نمائندگی کرتے ھیں —

اس کے علاوہ کوشش کی گئی ھے کہ ایرانی ادبا کے تعریفی ، تقریظی اور تنقیدی ریمارکس (اظہارات) کے ساتھ ساتھ انکے مخصوص ذوق شعری اور انکی مخصوص پسند کے نمونے بھی پیش کئے جائیں تا کہ قارئین اقبال کے شعر معنوی اور غنائی پہلوؤں کو ایرانیوں کی نظر سے جانچ سکیں —

ہوئے ہیں اور اس لئے ایرانی (جیسا کہ اقتباسات مشمولہ سے ظاہر ہے) پاکستان کو (معنوی دنیا میں) ایران اور ایران کو پاکستان خیال کرتے ہیں —

امید ہے کہ یہ کتاب پاکستان اور ایران کے درمیان حسن تفاہم اور قدیم یگانگت اور ہم آہنگی پیدا کرنے اور اپنے مشترک مفاخر میں دلچسپی بیدار کرنے میں مفید ثابت ہوگی —

قطعات نثر و نظم کے ترجمہ میں عموماً اصل متن کی طرز بیان کو ملحوظ رکھا گیا ہے اور آزاد ترجمہ سے حتی‌المقدور پرہیز کیا ہے —

اس میں کچھ شک نہیں کہ آزاد ترجمہ نسبتاً رواں‌تر ہو سکتا تھا مگر فارسی اردو کے متون کو ایک دوسرے کے قریب رکھنے سے مؤلف کی پیش نظر یہ امر بھی تھا کہ ایرانیوں کی اردو میں روز افزوں دلچسپی کے پیش نظر یہ کتاب انکو اردو سے آشنا کرانے میں بھی مفید ہو سکتی ہے ۔ وہ فارسی رسم‌الخط میں بغیر کسی کی مدد کے اردو پڑھ سکیں گے اور بہت سے غیر مانوس ہندی الفاظ کے معنی فارسی متن کی مدد سے خود بخود ان پر واضح ہو جائیں گے ۔ مؤلف کی مذکورہ بالا توضیح اس کے چند سالہ تجربہ پر مبنی ہے اور اسوقت ایرانی ادبا میں سے کئی ایک نے اردو کی ادبی زبان کو بغیر کسی معلم کی مدد کے، پڑھنا تو نہیں ، سمجھنا سیکھ لیا ہے اور اغلب حالات میں صرف حروف اور چند ایک 'افعال' کی تشریح انکی رہنمائی کے لئے کافی ثابت ہوئی ہے —

معمولاً فارسی متن کو اردو کے بالمقابل لکھنے کے بجائے زیر حاشیہ درج کیا گیا ہے تاکہ قارئین کی توجہ ایک وقت میں ایک ہی متن پر متمرکز رہے —

پاکستانیوں کی نگاہ میں ایرانی عزیز اور گرامی ہے اس لئے نہیں کہ وہاں الوند ، دماوند و بیستون موجود ہیں ، بلکہ اس لئےکہ یہ خاک سعدی و فردوسی و مولوی و حافظ کا وطن ہے ۔ اسیطرح ایرانی پاکستان کو محبت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں کیونکہ یہ اقبال کا وطن ہے ۔ بقول کاظم رجوی ، مولوی اور سعدی اور حافظ اقبال کی شکل میں نمودار

بہار اور اقبال

جیسا کہ تمہید میں بیان کیا گیا ہے ایران میں اقبال کے سب سے قدیمی دوست اور مداح سید محیط طبا طبائی اور سعید نفیسی تھے - لیکن سب سے پہلے رسمی طور پر اور ملت ایران کے نمایندہ کی حیثیت سے جس شخص نے اقبال کو خراج تحسین پیش کیا وہ ایران معاصر کا سب سے بڑا شاعر، ادیب اور فن شعر و نثر کا سب سے بڑا ماہر ملک الشعراء محمد تقی بہار تھا - اس لئے نہ صرف ترتیب وقت کے لحاظ سے بلکہ بہار کی غیر معمولی علمی اور ادبی اہمیت کے پیش نظر ذیل میں " خطاب بہ ہند " نقل کیا جاتا ہے جس میں ہندوستان میں فارسی شاعری کی تاریخ بیان کرتے ہوئے بہار نے اقبال کا ذکر کیا ہے اس کے بعض اشعار پر تضمین اور اس کے رنگ میں کچھ شعر کہے ہیں -

جیسا کہ نظم سے ظاہر ہے بہار نے جس عشق اور عقیدت کا اظہار ہندوستان سے کیا ہے وہ ہندوستان کی اس تاریخ سے وابستہ ہے جو فارسی ادبیات و فرہنگ سے متعلق ہے بہار نے خطبہ صدارت میں بھی صاف طور پر کہا ہے :

"من داستان پارسی گویان ہند بیان کردم و نام شاعران و صاحبدلان و شہر یاران و شہر بانوان ادب دوست را بمیان آوردم و نتیجہ آن منظومہ

بہار اور اقبال

جان فدای آن نمک زار سیاه
بی نمک آنجا نمیروید گیاه

میری جان اس سیاہ رنگ نمک زار کے قربان ہو، وہاں تو سبزی بھی بے نمک نہیں اگتی -

فکر ها رنگین و رنگین خو یها
رنگ بیرنگی عیان بر رویها

ہند کے افکار اور عادات سب رنگین ہیں ، اور اس کے چہرے پر بیرنگی کا رنگ عیاں ہے۔

لشکر یونان از آنجا رم گرفت
عبرت از کار بنی آدم گرفت

یونان کا لشکر وہاں سے لوٹا اور اس نے بنی آدم کے اعمال سے عبرت حاصل کی -

شد عرب در ہند و وحدت پی فگند
عاقبت آنجا عرب ہم نی فگند

عرب ہند میں پہنچے اور وحدت کی بنیاد رکھی لیکن آخر عرب بھی وہاں سے لوٹنے پر مجبور ہوئے -

ترک آنجا ترکی از سر وا گرفت
فارسی بود آنکه آنجا پا گرفت

ترکوں نے وہاں ترکی ترک کردی، فارسی ہی تھی جس نے وہاں اپنے قدم جمائے -

بلبل فکرم خوش آوائی نمود
طوطی طبعم شکر خائی نمود

میرے افکار کی بلبل نے خوش الحانی سے گانا شروع کیا، میری طوطی طبع نے شکر بکھیرنی شروع کردی۔

دل اسیر حلقهٔ زنجیر هند
جان فدای خاک دامن گیر هند

میرا دل هند کی زنجیر کے حلقے میں گرفتار ھے، میری جان هند کی دامن گیر خاک کے قربان هو۔

بس ملاحتها دران خاک و هواست
هند را کان نمک خواندن رواست

اس کی خاک میں بیشمار ملاحتیں موجود هیں، اسلئے هند کو کان نمک کہنا مناسب هوگا۔

آن نمک زاری که خاکش عنبر است
خار او چمپا خسش نیلوفر است

یه وه نمک زار ھے جهاں کی خاک عنبر ھے، اس کے کانٹے گل چمپا اور اس کی خس گل نیلوفر کی مانند ھے۔

هر که رفت آنجا نمک پالوده شد
سادگی افگند و رنگ آلوده شد

جو وهاں گیا نمک میں آلوده هوگیا، سادگی اسنے چھوڑ دی اور رنگینی اختیار کی ۔

گرچه گندم گون و میگون آمدیم
هر دو از یک خمره بیرون آمدیم

اگرچه ہم اور ہندی گندم گوں اور میگوں ہیں، ہم دونوں ایک ہی خمرہ سے نکلے ہیں -

چون دیوژن خم نشینان حقیم
وز فلاطون و دیوژن اسبقیم

ہم دیوژن کی طرح حق کے خم میں پناہ گزیں ہیں اور ہم افلاطون اور دیوژن سے قدیم تر ہیں ۱

ساغری گیر از می عرفان ہند
نوش باد پارسی گویان ہند

ہند کی مئے عرفان سے بھر کر ساغر ہاتھ میں لو. ہند کے فارسی گو شاعروں کی شراب نوش کرو۔

یادی از مسعود سعد راد کن
بعد یاد رونی استاد کن

عالی مقام مسعود سعد کو یاد کرو، پھر استاد رونی کو یاد کرو۔

آنکه چون سعدی سخن گوی نواست
بلبل گلزار دهلی خسرو است

اور وہ جو سعدی کی مانند شعر سرا ہے، دہلی کے باغ کا بلبل خسرو ہے -

---

۱ ـــ افلاطون اور دیوژن قدیم یونان کے مشہور فیلیسوف ہیں -

ایزدی بود آشنائی های ما
آشنا داند صدای آشنا

ہماری ہند سے آشنائی خدا کی طرف سے تھی، آشنا ہی آشنا کی آواز کو پہچانتا ہے ۔

ہند و ایران آشنایان ہم اند
ہر دو از نسل فریدون و جمند

ہند اور ایران باہم دوست ہیں دونوں فریدون اور جم کی نسل سے ہیں (یعنی آریائی ہیں) ۔

آنکه گندم خورد و دور از خلد ماند
در سراندیپ آمد و گندم فشاند

وہ جس نے گندم کھالی اور جنت سے نکالا گیا (حضرت آدم) وہ سراندیپ میں پہنچا اور وہاں گندم کی کاشت کی ۱

خاک ہند از خلد دارد بہرہ ہا
رنگ آن گندم عیاں بر چہرہ ہا

پس ہند کی خاک نے جنت سے بہرہ برداری کی اور اسی گندم کا رنگ ہندیوں کے چہرہ پر ظاہر ہے ۔

---

۱ ــ اشارہ ہے اس قصہ کی طرف کہ حضرت آدم نے پہلے پہل سراندیپ (جنوب ہند) کے جزیرے پر نزول فرمایا ۔

با کلیمش ساحران را نیست تاب
کس نگفت آخر سه بیتش را جواب

اسکے کلیم کا کوئی ساحر مقابلہ نہیں کرسکتا ، کسی نے اس کی سہ بیتی کا جواب نہیں دیا - ۱

از نظیری و ظہوری دم مزن
ہند و ایران را دگر برہم مزن

نظیری اور ظہوری کی بات مت کرو ، اور ہند اور ایران کو جدا مت کرو -

گر ز تبریز است یا از اصفہان
ہست صائب طوطی ہندی زبان

خواہ وہ تبریز سے متعلق ہے یا اصفہان سے ، صائب طوطی ہندی زبان ہے -

---

۱ — بہار کا اشارہ کلیم کے مندرجہ ذیل تین اشعار کی طرف ہے ! —

بدنامی حیات دو روزی نبود بیش
آنہم کلیم با تو بگویم چسان گذشت

یک روز صرف بستن دل شد باین و آن
روز دگر بکندن دل زین و زان گذشت

طبعی بہم رسان کہ بسازی بعالمی
یا ہمتی کہ از سر عالم توان گذشت

خمسه خسرو که تقلیدیست فـرد
با حکیم گنجوی جوید نبرد

خسرو کا خمسه تقلید کا لاجواب نمونه هے ، جو حکیم گنجوی کا مقابله کرتا هے ۔

طبع پاکش مایه دار فکر بود
صد هزاران بچه زاد و بکر بود

اس کی طبع پاک تخیلات کی مایه دار تھی، اس کے بطن سے لاکھوں بچے تولد هوئے اور وه پھر بھی باکره رهی۔

بزم اکبر شد ز فیضی فیض یاب
دکن از بوالفضل و فیضی یافت آب

اکبر کی بزم فیضی سے فیض یاب هوئی ، دکھن کو ابوالفضل اور فیضی کے دم سے آبرو ملی ۔

با حسن صد لطف و گرمی توام است
در کلامش آتش و گل باهم است

حسن کا کلام سراسر لطف و گرمی هے ، اس میں هم آتش اور گل کو ایک جگه دیکھتے هیں ۔

طبع عرفی خوش بمضمون راه جست
داد—داد لفظ و معنی را درست

عرفی کی طبع نے مضمون کی طرف خوب راسته نکالا ، اس نے لفظ اور معنی کی خوب داد دی ۔

رشک غزنین گشت بزم اکبری
نغمه خوان هر سو هزاران عنصری

بزم اکبر رشک غزنین بن گئی ، هر طرف هزاروں عنصری جیسے شاعر نغمه خواں تھے -

بزم نورالدین گلستانی دگر
در گه نورجهان جانی دگر

بزم نورالدین (جہانگیر) ایک نیا گلستان تھا اور نورجہاں کی درگاہ ایک نئی روح کی حامل تھی -

بذله گو از شاه تا بانو همه
پیش یک مصرع زده زانو همه

بادشاہ سے لیکر خواتین تک سب بذلہ گو تھے اور ایک مصرع کے سامنے وہ دو زانو تھے -

جوش ایهام و مثل چون موج آب
نکته بر هر موج خندان چون حباب

شعر میں ایہام اور تمثیل موج آب کی طرح رواں تھی اور ہرہر موج پر حباب کی مانند نکتے مسکرا رہے تھے -

کار تاریخ و تتبع تازه گشت
صنعت انشاءُ بلند آوازه گشت

تاریخ نویسی اور تتبع کا کام تازہ ہوگیا ، فن تحریر کی صنعتوں کو شہرت نصیب ہوئی -

خاک ،،آمل،، دامنش از دست داد
لاجرم طالب بهندوستان فتاد

آمل کی خاک نے طالب کا دامن چھوڑ دیا ، اور وہ ہندوستان پہنچ گیا ۔

چون کسی را صنعتی غالب بود
میشتابد هر کجا طالب بود

جب کسی کو کسی صنعت پر تسلط حاصل ہو ، تو وہ وہیں جاتا ہے جہاں اس کا کوئی طالب ہو ۔

از همایون گیر تا شاه جهان
شاعران را بود هند آرام جان

ھمایوں کے زمانے سے شاجہاں تک شاعروں کے لئے ہند آرام جاں تھا ۔

هند بازار خرید ذوق بود
هند یکسر عشق و شور و شوق بود

ہند ذوق شعر کا خریدار تھا ، ہند سراسر عشق و شور و شوق تھا ۔

صنعت و ذوق هنر ترکیب یافت
کاروانها جانب دهلی شتافت

صنعت اور ذوق ہنر آپس میں مل گئے اور قافلے دہلی کی جانب روانہ ہوگئے ۔

بس روان شد کاروان در کاروان
تنگهای دل پر از کالای جان

بیشمار کاروان ایک دوسرے کے پیچھے روانہ ہوگئے ، ان کے دل بغچے روحانی مال و متاع سے پر تھے ۔

نیست گر دھلی ز اکبر پر خروش
میزند ھر گوشہ دیگ علم جوش

اگرچہ اب دھلی اکبر کے زمانے کی طرح پر خروش نہیں ، ھر گوشہ
میں دیگ علم میں ابال آرھا ھے -

ور نمیخندد بہر گل صد ھزار
باز نالد قمرئی بر شاخسار

اگرچہ ھر پھول پر اب سینکڑوں بلبلیں مسکرا نہیں رھیں، پھر بھی شاخساروں
سے قمری کے نالے کی آواز آرھی ھے-

غالبی آمد اگر شد طالبی
شبلی ھست ار نباشد غالبی

اگر طالب رخصت ھوا تو غالب آ گیا اور اگر غالب نہیں تو شبلی ھے۔

بیدلی گر رفت اقبالی رسید
بیدلان را نوبت حالی رسید

اگر بیدل رخصت ھوا تو اقبال پہنچ گیا، اور بیدلوں میں حال کی حالت
پیدا ھوئی -

ھیکلی گشت از سخنگوئی بپا
گفت کل الصید فی جوف الفراءٗ

شعر نے ایک ھیکل کی شکل اختیار کرلی اور کہا ,,تمام شکار گورخر
کے پیٹ میں ھیں،، یعنی شعر کی تمام خوبیاں مجھ میں موجود ھیں -

در لغت فرهنگ ها پرداختند
لعبہا در دین و حکمت باختند

زبان کے لئے انہوں نے فرہنگ تیار کئے اور دین و حکمت کے مسائل پر کام کیا۔

کار نقاشی بسی بالا گرفت
خوش نویسی پایہ والا گرفت

نقاشی کے کام نے ترقی کی اور خوش نویسی کا معیار بلند ہوگیا۔

صنع معماری بسی پیرایہ یافت
ذوق حجاری فراوان مایہ یافت

معماری کی صنعت نے گونا گوں ترقی کی، فن حجاری نے بہت اہمیت حاصل کی۔

ثروت و جاہ و رفاہ و خرمی
صلح و عیش و خوشدلی و بیغمی

ثروت و جاہ و رفاہ و خوشی اور صلح و عیش خوشدلی اور بے غمی

چشم شور اختران راخیرہ کرد
ہر طرف خصمی برایشان چیرہ کرد

کو دیکھکر ستاروں کی آنکھیں خیرہ ہو گئیں اور ستاروں نے ہر طرف سے دشمنوں کو اکسانا شروع کیا۔

نیست گر آن کر و فر نظمی بپاست
رفت اگر آن کیف کیفیت بجاست

اگر چہ وہ کروفر نہیں پھر بھی کچھ نظم موجود تھا اگر وہ کیف رخصت ہوا اس کی کیفیت باقی رہی۔

بار دیگر چون ملک پران شوی
آنچه اندر وهم ناید آن شوی

تاکه دوباره تو فرشتوں کی طرح پرواز میں آئے اور تو اس مقام پر پہنچ جائے جو وہم و گماں سے بھی باھر ھے۔

نکته ای گویم سخن کوته کنم
خاطر پاک ترا آگه کنم

ایک نکته کی بات کہکر بات کو مختصر کرتا ھوں اور تیرے پاک دل کو اس حقیقت سے آگاہ کرتا ھوں ۔

شمه ای در حال و استقبال تو
هان نه من گویم که گفت اقبال تو

تیرے حال اور مستقبل کے متعلق چند الفاظ کہتا ھوں ، لیکن میں نے نہیں ، تیرے اپنے اقبال نے کہا ھے ۔

زندگی جهداست و استحقاق نیست
جز بعلم و انفس و آفاق نیست

زندگی جہد و کوشش ھے ، محض زندہ رھنے کا حق بے معنی ھے ۔ اور حیات بجائے انفس و آفاق کے علم کے اور کچھ نہیں ۔

گفت حکمت را خدا خیر کثیر
هر کجا این خیر را بینی بگیر

خدا نے حکمت کو خیر کثیر کہا ھے ، جہاں سے تجھے مل جائے اسے حاصل کرے۔

عصر حاضر خاصهٔ اقبال گشت
واحدی کز صد هزاران بر گذشت

عصر حاضر خاص طور پر اقبال کا زمانہ ھے، وہ فرد جو لاکھوں سے بازی لے گیا۔

شاعران گشتند جیشی تار و مار
وین مبارز کرد کار صد سوار

شاعر ایک شکست خوردہ فوج کی طرح تھے، مگر اس مبارزہ کرنیوالے نے سینکڑوں سواروں کا کام کیا۔

عالم از حجت نمی ماند تہی
فرق باشد از ورم تا فربہی

دنیا کبھی حجت سے خالی نہیں رھتی، (قدرتی) موٹاپے اور ورم میں فرق ھوتا ھے۔

تیغ همت را کن ای هند عزیز
با فسان جرأت و امید تیز

اے عزیز ھند، اپنی تیغ همت کو جرأت اور امید کی فسان پر تیز کر

صنعت و علم و امید و اتحاد
کسب کن تا وا رهی زین انفراد

صنعت و علم و امید اور اتحاد کو حاصل کر تاکہ اس افتراق و نفاق سے نجات پائے۔

همت از آمال کوچک باز گیر
تا فراز کہکشان پرواز گیر

چھوٹی چھوٹی امیدوں پر ہمت مت لگا کہکشان کی بلندیوں پر پرواز شروع کر -

این کسالات و تن آسانی بس است
تربیت آموز ، نادانی بس است

یہ تن آسانی اور بے ہمتی ختم کر، تعلیم حاصل کر، نادانی ختم کر۔

زندگی جنگست و تدبیر معاش
زندگی خواهی چو مردان کن تلاش

زندگی جنگ ہے اور تدبیر معاش ہے، اگر تو زندہ رہنا چاہتا ہے تو مردوں کی طرح جستجو کر۔

فقر و درویشی در استغنا نکوست
با غنا شو صوفی و درویش دوست

استغنا کے ساتھ فقر و درویشی اچھی ہے ،استغنا کو ہاتھ سے مت چھوڑ اور صوفی اور درویش کا دوست بن۔

فقر و درویشی تباهت میکند[۱]
در دو عالم روسیاهت میکند

فقر و درویشی تمھیں تباہ کردیگی اور دونوں عالموں میں روسیاہ کردیگی۔

---

۱ —اشاره بحدیث شریف افقر سوادالوه فی الدارین و مراد فقر و تنگدستی است که مرد برای معیشت روزانه تهیدست بیچاره باشد و کارش بسوال بکشد —

غافل از اندیشهٔ اغیار شو
قوت خوابیده ای بیدار شو

دوسروں کا خیال اپنے دل سے نکال دے تو سوئی ہوئی قوت ہے، بیدار ہوجا۔

ناامیدی حربه اهریمن است
پیششں آفت و آسمانی جوشن است

ناامیدی شیطان کا حربہ ہے ، اگر تو آگے بڑھے تو آسمان تیرا جوشن بن جائیگا۔

جوشن امید را برخود بپوش
گواه دولت پاکان ببین به پاکستان
که خود چگونه بر افراشت پرچم اقبال

پاکستان کی حکومت کا گواہ پاکستان میں دیکھو کہ کس طرح انہوں نے پرچم اقبال بلند کیا ہے۔

ببین به صفحهٔ تاریخ و حق مردان بین
که نیست تاریخ الاسماعی ابطال

تاریخ کے صفحات پر نگاہ دوڑاو اور مردوں کے کارنامے دیکھو:
تاریخ کیا ھے بڑے بڑے لوگوں کے کارناموں کا نام ھے۔

بطل شنیدی و نشناختی بطل، زیراک
بطل شناس نهٔ زان سبب شدی بطال

تونے عظیم الشان آدمی کے متعلق سنا مگر اس کو نہ پہچانا کیونکہ
توعظمت کو نہیں پہچان سکتا اس لئے توبے بہرہ ہوگیا

بطل نه آنکه با آواز طبل خواند سرود
بطل نه آنکه به شیپور رزم شد طبال

بڑا شخص وہ نہیں ھوتا جو ڈھول کے ساتھ بلند آواز سے گائے
نہ وہ جو شیپور جنگ کے ساتھ ہم آھنگ ہو۔

بطل نه آنکه سپر کرد سینه بر باطل
که حق مردم بیدست و پاکند پامال

نہ وہ جس نے باطل کی حمایت میں سینہ سپر کیا تاکہ وہ کم زور
لوگوں کے حق کو پامال کرسکے۔

بطل کسیکه بروز بلا بلا جوید
که دفع شرکند از خیر خلق بد احوال

بطل وہ ھے جو مشکل کے وقت مشکل کی جستجو کرے
اور بد حال لوگوں سے اپنی نیکی کی بدولت شر دور کرے

رسول وار به تبلیغ حق کتاب نوشت
که قدر حق بشناسد منافق محتال

اقبال نے رسول کی مانند حق کی تبلیغ کے لئے کتاب لکھی تا کہ حیلہ کرنے والے منافق حق کی قدر پہچانیں

اگر کتاب نبود و اگر رسول نبود
چه بود غیرت ابطال و همت ابدال ؟

اگر کتاب نہ ہوتی اور رسول نہ ہوتے تو مردان بزرگ اور ابدال کی ہمت اور غیرت کہاں سے آتی ؟

درود باد بر اقبال و سعی مقبولش
که عزت ابدی آمدش باستقبال

اقبال اور اس کی مقبول شدہ کوشش پر درود ہو ابدی عزت خود اس کے استقبال کو آئی ہے -

سخن سر آمد و سرمد مجال شعر نداشت
وگر نه حق سخن بود و جای بسط مقال

بات ختم ہوگئی اور سرمد کو شعر کہنے کا موقع نہ ملا وگرنہ یہاں شعر کہنا حق تھا اور وسیع بیان کی گنجائش تھی -

قصیدہ ایام بزرگ

هر کس که بتاریخ وی اقدام بزرگ است
در صفحه تاریخ از او نام بزرگ است

ہر شخص جس نے تاریخ میں کوئی بڑا کام کیا تاریخ کے صفحہ پر اس کا نام بڑا ہوگا -

اگر چه قائد اعظم به نهضت پاکان
جناح لشکر اسلام بود و قلب رجال

اگر چه تحریک پاکستان میں قائد اعظم لشکر اسلام کا بازو اور ملت کے دل کی مانند تھا۔

بحق دولت پاکان عظیم خدمت کرد
عظیم بادا اجرش ز ایزد متعال

اور دولت پاکستان کے حق میں اس نے بڑی خدمت کی جس کا خدای متعال اسے اجر عظیم عطا کرے۔

ولیک نغمۂ اقبال اگر نبود، نبود
نوای لشکر پاکان سرود استقلال

لیکن اگر اقبال کا نغمہ اگر نہ ھوتا تو پاکستان کی فوجوں کا گیت آزادی کا گیت نہ بنتا۔

سخن سرائی اقبال بذر دین افشاند
برغم دشمن بیدین و کافر قتال

اقبال کے کلام نے دین کا بیج بویا بے دین اور کافر اور قتال دشمن کی مخالفت کے باوجود۔

بخوان، زبور عجم، وز، رموز اسرارش،
,,پیام مشرق،، بشنو بخوشترین اقوال

اس کی زبور عجم اور اس کی اسرار و رموز کا مطالعہ کرو اور پیام مشرق سے بہترین باتیں سنو۔

پنداشت که آثار بزرگی است بصورت
و آنرا که قد و قامت و اندام بزرگ است

اور جس کا قد و قامت بڑا ہو وہ بڑا ہوتا ہے اس نے جان لیا کہ بڑائی صرف ظاہری شکل پر منحصر ہے -

پنداشت که عیش خوش و مستی بزرگان
در ساغر پر باده و در جام بزرگ است

اس نے خیال کیا کہ بڑے لوگوں کی مستی، خوشی اور عیش بھرے ہوئے پیالے اور بڑے جام میں ہے -

پنداشت که زیر فلک بی در و پیکر
اسباب بزرگی به در و بام بزرگ است

اس نے خیال کیا بے در و بے جسم آسمان کے نیچے اونچے اونچے در و بام بزرگی کا سبب ہوتے ہیں -

سرمایه بدست آورد آوخ که ندانست
سرمایه او مایه سرسام بزرگ است

اسنے مال و متاع حاصل کیا افسوس اسے معلوم نہ تھا کہ زیادہ مال و متاع بہت بڑا درد سر ہے -

بگشود درخانه و گستر سر خوان
پنداشت که اطعام وی اکرام بزرگ است

اس نے اپنا دروازہ کھول دیا اور دستر خوان پھیلا دیا اور خیال کرلیا کہ کھانا کھلانا ایک بڑا کام ہے -

ارقام بزرگ است به تاریخ فراوان
تاریخ و لیکن نه به ارقام بزرگ است

تاریخ میں بڑی تعداد میں نام پائے جاتے ھیں لیکن تاریخ ناموں کی زیادہ یا کم تعداد پر منحصر نہیں -

تاریخ جز اقدام بزرگان چه بود ؟ هیچ
تاریخ نه آنرا که نه اقدام بزرگ است

تاریخ بزرگ لوگوں کے کارناموں کےسوا بے معنی ھے جس نے بڑا کام نہیں کیا اس کا تاریخ میں کوئی نام نہ ھوگا۔

تاریخ نه از هر چه برد نام بود نیک
بس نام که اندر خور دشنام بزرگ است

یه کوئی ضروری بات نہیں که جو نام تاریخ میں درج ھے وہ نام نیک بھی ھو بہت سے ایسے نام ھیں جو گالیوں کے لائق ھیں -

بسیار کس آمد که زند لاف بزرگی
پنداشت که اقدام به اقدام بزرگ است

بہت سے ایسے لوگ ھیں جنھوں نے بڑا ھونے کا لاف مارا اور اسی کو ایک بڑا کام تصور کرلیا

پنداشت که در عالم اشباه و نظایر
ارواح بزرگان پس اجسام بزرگ است

بعض نے یه خیال کیا که عالم اشباہ اور عالم ظاھر میں بزرگوں کی روحیں جو بڑے جسم میں نہاں ھیں بڑی ھوتی ھیں ؟

ادراک حقیران نکند فهم بزرگی
کاین مسئله اندر خود افهام بزرگ است

چھوٹے لوگوں کی عقل میں بڑی باتیں نہیں آتیں یہ باتیں بڑی عقل والے کے لئے ہوتی ہیں -

اقوام بزرگند به اقدار بزرگان
وین سنت دیرینه اقوام بزرگ است

قومیں بزرگوں کے اقدار سے بڑائی حاصل کرتی ہیں بڑی قوموں کی یہی پرانی سنت چلی آتی ہے -

اسرار بزرگی است پدیدار ز پیغام
چونانکه نبی حامل پیغام بزرگ است

بزرگی کا راز پیغام و تعلیم سے ہویدا ہوتا ہے مثال یہ ہے کہ نبی ایک بڑے پیغام کا حامل ہوتا ہے-

اقبال نه پیغمبر پیغمبر حق بود
درحضرت حق صاحب انعام بزرگ است

اور اقبال جو خدا کے پیغمبر کا پیغمبر تھا اس کے لئے اللہ تعالی کے پاس بہت بڑا انعام ہے -

فرعون بزرگ است چو اهرام و لیکن
اصنام بزرگ است که اهرام بزرگ است

فرعون اہرام مصر کی طرح بڑا ہے لیکن در حقیقت بت یا اہرام بزرگ نہیں ہیں -

انعامِ صفت دل به نعم بست و نه دانست
کاین آب و علف طعمهٔ اغنام بزرگ است

اس نے اپنا دل حیوانات کی طرح کھانے پینے میں لگادیا اور نہ سمجھا کہ یہ پانی اور گھاس تو بڑے بڑے مویشیوں کی خوراک ہے -

اطعام ز اوصاف بزرگیست و لیکن
اکرامِ بزرگان نه باطعامِ بزرگ است

کھانا کھلانا بڑائی کی صفت ہے لیکن بزرگوں کی بڑائی زیادہ کھانے کھلانے سے نہیں -

آنراست بزرگی که به کام دل نا کام
در حلقهٔ ناکامان ناکام بزرگ است

بزرگی اس کا حق ہے جو ناکام لوگوں کی خدمت میں اور ناکاموں کے حلقہ میں سب سے بڑا ناکام ہو-

آنراست بزرگی که ز عالم برد آلام
هر چند ز عالم به وی آلام بزرگ است

بزرگی اس کا حق ہےجو دنیا میں تکلیفیں اٹھائے جسقدر بڑی تکلیفیں اٹھائے گا اتنا ہی وہ بڑا ہوگا-

چون صید بزرگ آمد و صیاد قوی گشت
پیدا ست پس دانه وی دامِ بزرگ است

جب بڑا شکار ھاتھ آگیا اور صیاد نے قوت حاصل کرلی تو ظاہر ہے کہ دانے کے نیچے بڑا دام لگا ہوا تھا-

امروز به پاکستان ز اقبال بلندش
هنگامهٔ شادی است که هنگام بزرگ است

آج پاکستان میں اس کے بلند اقبال کا جشن شادی ہے اور یہ ایک بڑا موقع ہے۔

اقبال بزرگ است و لیکن نه یک روز
کایام بزرگان همه ایام بزرگ است

اقبال بزرگ ہے لیکن صرف ایک دن کے لئے نہیں بڑے لوگوں کے سب دن با عظمت ہوتے ہیں۔

قصیده دانای راز

خدای عالمیان چون بنای خلقت کرد
نظام عالم خلقت بحکم فطرت کرد

جب خدائے کائنات نے دنیا کو پیدا کیا تو اس نے دنیا کا نظام قانون فطرت پر قائم کیا۔

من این حقیقت فطری بطبع دانستم
که هر چه کرد خدا در حدود طبیعت کرد

میں نے اپنی فطری فراست سے اس حقیقت کو پہچانا کہ جو کچھ خدا نے کیا فطرت کے مطابق کیا۔

چو در سرشت بشر خوی اجتماعی دید
طبیعت بشری تابع جماعت کرد

جب اس نے انسان کی فطرت میں مل جل کر رہنے کی عادت دیکھی تو فطرت انسانی کو اس نے جماعت کے تابع کردیا۔

احرام چه بندی براهرام ؟ چو اقبال
رو سوی حرم کن که باحرامِ بزرگ است

اهرام کے طواف کے لئے تم نے کیوں احرام باندھا ہے اقبال کی طرح حرم کی طرف رخ کرو۔

اقبال بزرگ است که در عالم توحید
از بت شکنی دشمن اصنامِ بزرگ است

اقبال اس لئے بڑا ہے کہ توحید کی دنیا میں اس نے بت توڑے ور بڑے بڑے بتوں کا دشمن ہے۔

اقبال بزرگ است که بر گردن اسلام
از خدمت بی منت وی وامِ بزرگ است

اقبال بزرگ ہے کیونکہ اسلام کی گردن پر اس کی بے لوث خدمت کی دین ہے۔

هر چند بزرگی است پدیدار ز آغاز
آغاز بزرگی به سر انجام بزرگ است

اگر چہ بزرگی اور عظمت ابتدا ہی سے ظاہر ہوجاتی ہے باعظمت ابتدا وہی ہے جس کا انجام اور نتیجہ بڑا ہو۔

اقبال به پاکستان بخشید سر انجام
بخشید بر او حق که به فرجامِ بزرگ است

اقبال نے پاکستان کو نتیجہ تک پہنچا دیا اور حق نے اقبال کو اس کا عظیم‌الشان بدلہ دیا۔

هزار منعم مفلس فدائے یکتن باد
نہ بعث ملک و دولت بیمن همت کرد

ہزاروں ثروت مند اور مفلس اس ایک شخص کے قربان ہوں جس نے اپنی همت سے ملک اور حکومت پیدا کی۔

من این فضیلت در میان انبیا دیدم
کہ جز نبی نہ کسی درک این فضیلت کرد

میں نے یہ فضیلت نبیوں کی میان میں دیکھی ہے مگر نبی کے کوئی اور اس بزرگی کو نہیں پہنچ سکا۔

فضیلت نبوی در نیافت کس الا
کہ کسب معرفت از مکتب نبوت کرد

نبیوں جیسی فضیلت کسی نے حاصل نہیں کی سوائے اس کے جس نے اپنا عرفان نبوت کے مکتب سے حاصل کیا۔

اگر صحیفۂ تاریخ بنگری بینی
بسا کسا کہ بصورت بنای دولت کرد

اگر تو تاریخ کا مطالعہ کرے تو دیکھے کہ کتنی اشخاص نے ظاہر طور پر حکومت کی بنیاد رکھی ہے۔

هزار صاحب ثروت بقدرت زر و زور
بساط عیش فگند و بنای عشرت کرد

ہزار ثروتمند اشخاص نے زر اور زور کے ذریعے عیش و عشرت کی بساط ڈالی۔

طباع آدمیان چون باختلاف افتاد
هر آدمی بطریقی بخلق خدمت کرد

جب انسانوں کی طبیعتوں میں اختلاف پیدا ہو گیا تو ہر شخص نے مختلف طریقوں سے خلق کی خدمت کی۔

یکی طریق تجارت سپرد و مال‌اندوخت
که بذل مال تو ان کرد و کسب شهرت کرد

کسی نے تجارت کا راستہ انتخاب کیا اور دولت جمع کرلی کیونکہ مال و دولت کے بدلے شہرت حاصل کی جاسکتی ہے۔

یکی طریق زراعت سپرد و بذر افشاند
که میتوان بزراعت وفور نعمت کرد

کسی نے زراعت شروع کی اور بیج بوئے کیونکہ زراعت کے ذریعے نعمت میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

یکی بعلم گرائید و بر هنر افزود
و زین طریق هنر ها بعلم و صنعت کرد

کسی نے علم حاصل کیا اور ہنر سیکھا اور اس طرح اس نے علم او[ر] صنعت میں ہنر کا اضافہ کیا۔

ولیک زین همه یکتن بمرد حق نرسید
که از گروه پراگنده جمع امت کرد

لیکن ان میں سے کوئی بھی مرد حق کے پایہ کو نہیں پہنچتا جس نے پراگندہ لوگوں کو اکھٹا کرکے ملت پیدا کی۔

ولیک مرد خدا را خدای مرگ نداد
مگر که قالب صورت بدل بصورت کرد

لیکن مرد خدا تو خدا موت نہیں دیتا مگر اس کا ظاہری قالب صورت میں تبدیل کردیتا ہے۔

حیات مرد خدا در حیات ملت ہاست
کہ مرد حق سر و جان در حیات ملت کرد

مرد خدا کی زندگی ملت کی زندگی میں مضمر ہوتی ہے کیونکہ مرد حق اپنی جان اور سر کو ملت کی زندگی کے لئے وقف کرتا ہے۔

اگر شنیدہ ای این داستان کہ در تاریخ
کسی نخواند تا دولتی کہ رجعت کرد

کیا تونے تاریخ میں یہ بات دیکھی ہے کہ کوئی گئی ہوئی حکومت کو واپس لے آئے؟

و گر بگویم تو خواندند انبیا و رسل
کہ حق بخلق خدا وعدۂ قیامت کرد

تیرے کان میں نبیوں اور رسولوں نے فرمایا ہے کہ خدا نے لوگوں سے قیامت (رستاخیز) کا وعدہ کیا ہے۔

عمدہ رجعت حق وز ملت ملی
حقیقتی است کہ ہر کس از آن روایت کرد

حق کی رجعت اور ملت کی رستخیز ایسی حقیقت ہے جس کا ہر ایک نے ذکر کیا ہے۔

هزار طالب شہرت بفکر شیطانی
فریفت جامعه و فتنه در سیاست کرد

ہزاروں طالبان شہرت نے شیطانی فکر کے ذریعے سے لوگوں کو فریب دیا اور سیاست میں فتنه برپا کیا۔

ہزار حاکم مطلق بدین گمان نه توان
بخلق روی زمین تا ابد حکومت کرد

ہزاروں مطلق حاکموں نے یه خیال کیا که زمین کے باشندوں پر ہمیشه کے لئے حکومت کرسکتے ہیں۔

نشست در پس دیوار آهنین بغرور
بدین گمان که مسخر جہان ز قدرت کرد

اور وہ آہنین دیوار کے پیچھے غرور سے متمکن ہوگئے اس خیال میں که طاقت سے جہان کو مسخر کرسکتے ہیں۔

عجب که چون بسر آمد حیات صورتشان
کسی نبود تو گوئی که با تو صحبت کرد

لیکن عجب بات یه ہے که جب ان کی ظاہری زندگی ختم ہوئی تو ایسا معلوم ہوا ان کا سرے سے وجود ہی نہیں تھا جس سے کسی نے مصاحبت کی ہو۔

حیاتشان همه نقش بر آب شد چو حباب
که چون حباب شکست آنکه نقش صورت کرد ؟

ان کی ساری زندگی حباب کی طرح نقش بر آب ہوگئی اور جو ان کی صورت کا نقش تھا حباب کی طرح پھٹ گیا۔

نبود شاعر بل موجد حکومت بود
سرود شعر ولی شاعری وسیلت کرد

وہ محض شاعر ہی نہ تھا بلکہ ایک حکومت کا موجد تھا اس نے شعر کہے مگر شاعری فقط ایک ذریعہ تھا۔

مشیت ازلی بر مراد ملتہا ست
کہ در ارادۂ ملت خدای این مشیت کرد

ازلی مشیت ہمیشہ قوموں کی مراد کے مطابق ہوتی ہے کیونکہ خدا نے مشیت ایزدی ملتوں کے ارادوں میں رکھی ہے۔

درود باد بدانای راز پاکستان
کہ خلق را ز خود آگہ بسر وحدت کرد

پاکستان کے دانای راز پر درود ہو کہ اس نے لوگوں کو اپنے آپ سے وحدانیت کی بدولت آگاہ کیا۔

درود باد بامروز و صاحب امروز
کہ روزدر بنامش صحیفہ زینت کرد

امروز اور صاحب امروز پر درود بھیجے۔ زمانے نے اس کے نام سے اپنے صفحے کو زینت دی ہے۔

درود باد بر اقبال و جان حق طلبش
کہ ہرچہ کرد بحق کرد و با حقیقت کرد

اقبال اور اس کی حق طلب روح پر درود ہو جو کچھ اس نے کیا حق اور حقیقت کی نظر سے کیا۔

نشان رجعت حق بین بخاک پاکستان
کہ حق بدولت خود بازگشت و عودت کرد

خدا کی رجعت کی نشانی ملک پاکستان میں دیکھو کہ کس طرح حق ان کی حکومت کو دوبارہ ملا اور اس کے پاس لوٹ آیا۔

لوای دعوت اسلام بر سر پاکان
فراشت رایت اقبال و بعث دولت کرد

پاکستان کے لوگوں کے سر پر اسلام کی دعوت کے پرچم نے اقبال کا پرچم بلند کیا اور نئی حکومت کی بنیاد ڈالی۔

درود باد بر اقبال و معجز سخنش
کہ معجز سخنش عالمی بحیرت کرد

اقبال اور اس کے اعجاز سخن پر درود ہو اس کے اعجاز کلام نے دنیا کو حیرت میں ڈال دیا۔

زخاک مردہ بر آورد چشمہ سار حیات
وزان حیات ابد جست و خرق عادت کرد

اس نے مردہ خاک سے زندگی کا چشمہ پیدا کیا اور اس سے حیات ابدی حاصل کی اور غیر معمولی کام انجام دیا

دم از خودی زد و بیگانہ راند از سرخویش
بلی بخود رسد آنکو ز حق اطاعت کرد

اس نے خودی کا بیان کیا اور خارجی کو اپنے ہاں سے نکال دیا سچ ہے جو حق کی اطاعت کرے وہ اپنے آپ کو پالیتا ہے۔

قصیدہ ذیل سرمد نے ۱۹۵۵ میں اقبال کے مزار پر پڑھا

سکہ اقبال

ایکہ مردی و سخن شد زندہ از اقوال تو
نقد پاکان شد رواج از سکۂ اقبال تو

تونے وفات پائی لیکن شاعری تیرے کلام سے زندہ ہوگئی - تیرے سکے کی بدولت پاکستان کی دولت نے رواج پایا -

تو اگر مردی بصورت خود بسیرت زندہ ای
کز فنا ایمن بود جان تو و امثال تو

تیری موت صرف ظاہر کی موت ہے کیونکہ تیری سیرت زندہ ہے تیری اور تجھ جیسے لوگوں کی جان فنا سے مصون ہوتی ہے -

تو بسیرت زندہ ای کاندر حیات اجتماع
ملتی را زندہ کرد اندیشہ و آمال تو

تیری سیرت زندہ ہے کیونکہ اجتماعی زندگی میں تیرے تفکر اور تیری آرزو نے ایک ملت کو زندہ کردیا -

گر نماندی تا بہ بینی کاروان در منزل است
شد درای کاروان آوای سوز و حال تو

اگرچہ تو اس وقت تک زندہ نہ رہا کہ کاروان کو منزل رسیدہ دیکھ سکے لیکن تیرے سوز اور حال کی آواز ہی درائے کاروان تھی -

شاعران را گه مفکر گاه ملہم خواندہ اند
تو چنینی و چنانی ایخوشا بر حال تو

شاعروں کو کبھی مفکر اور کبھی ملہم کہا گیا ہے تو یہ بھی ہے اور وہ بھی ہے تو کتنا خوش قسمت ہے -

شاعر است آنکس کہ امیالش بر آید ازسخن
تو همانی کز سخن پیدا بود امیال تو

شاعر وہ ہے جس کی آرزو اس کے شعر سے پیدا ہو - تو وہی ہے جس کے شعر سے آرزو ظاہر ہوتی ہے -

خاک پاکستان بشعرت پاک شد از لوث شرک
آفرین بر شعر نغز و معجز اقوال تو
تیرے شعر سے پاکستان کی خاک شرک کی گندگی سے پاک ہوگئی تیرے عالی شعر اور تیرے کلام کے معجزہ پر آفریں -

تو سخن را تازہ کردی بر مذاق روزگار
تا نگردد صید ماضی حال و استقبال تو
تو نے زمانے کے مذاق کے لئے شعر کو تازگی بخشی تاکہ تیرا حال اور استقبال زمانہ ماضی میں گرفتار نہ رہے -

چون بہ تبلیغ حقائق رهبر امت شدی
تو بہ پیش امت و امت شد ازدنبال تو
حقائق کی تبلیغ کے لئے تو ملت کا رہبر بن گیا ، تو امت کا پیشوا ہے اور ملت تیرے پیچھے ہے -

اقتباس از تقریظ منظوم بر ''رومی عصر''

رومی عصر کیست؟ اقبال است
که چو رومی گزیده اقوال است

رومی عصر کون ہے۔ رومی عصر اقبال ہے کیونکہ اسکا کلام رومی کی بہترین سخنان گزیدہ پر مشتمل ہے۔

گر چه ملا روم یکتا بود
یک تنه صد هزار ملا بود

اگرچہ ملا روم یکتا تنہا اور ایک واحد شخص ہونے ہوئے لاکھوں علماء دین کے برابر تھا۔

لیکن اقبال شد ز پیرویش
یکی از پیروان معنویش

اقبال نے اسکی پیروی کی اور رومی کے روحانی شاگردوں میں شامل ہوگیا۔

رفت دنبال پیر و ملا شد
آگه از راز پیر و برنا شد

انہوں نے مرشد کی پیروی کی اور مرشد کے مقام پر پہنچ گیا اور پیرو برنا کے راز سے آشنا ہوگیا۔

تا بداند بشر چه باید کرد
سخن نغز جاودان آورد

یہ بتانے کے لئے کہ بشر کو کیا کرنا چاہئے اسنے عالی اور جاویدان اشعار کہے۔

عمرابنائ بشر در سال و ماه آید ولیک

سال و ماه دیگران نبود چو ماه و سال تو

اگر چه انسان کی عمر ماه اور سال میں حساب کی جاتی ہے دوسروں کے ماہ اور سال تیرے ماہ اور سال سے مختلف ہیں -

گر همه عمر تو از این سال و مه یک روز بود

خود همیں بس بود با کیفیت احوال تو

ان سالوں اور مہینوں سے اگر تیری عمر فقط ایک دن ہی ہوتی تو تمہاری کیفیات حال کے پیش نظر وہ بھی کافی تھی -

ای خجسته خاک پاکستان درود از خاک سند

تا به پیشاور و بر پنجاب و بر بنگال تو

پاکستان کی مبارک خاک پر سند سے پیشاور تک اور پنجاب و بنگال پر درود پہنچے -

نام تو اقبال شد زان بخت و اقبال بلند

شد نصیب کشورت از نام فرخ فال تو

تیرا نام اقبال ہے اس لئے بخت اور بلندی اقبال تیرے مبارک نام سے تیرے ملک کو نصیب ہوئی -

این بود چارم قصیده گر نیت سرمد سرود

همچنان باقی است تفصیل تو و اجمال تو

یہ چوتھا قصیدہ ہے جو تیرے لئے سرمد نے کہا ہے لیکن تیرے متعلق مفصل و مختصر کئی باتیں ابھی باقی ہیں -

راه در مکتب نبوت یافت

دولت از بعث ملک و ملت یافت

اس نے نبی اکرم کا راستہ اختیار کیا اور اسکو حکومت اور ملت کی بیداری نصیب ہوئی -

محرم اندر حریم یزدان شد

راست خواهی گزیده انسان شد

وہ خدا کے حریم کا محرم ہوگیا اور سچ تو یہ ہے کہ ایک برگزیدہ انسان کے مقام پر پہنچ گیا -

* * *
* *
*

زاد هندی ولی ز شور عجم
سخن آموخت از زبور عجم

اگرچه وہ ہند میں پیدا ہوا لیکن اس میں عجم کا جوش تھا اور اس نے ''زبور عجم'' کو تلقین کا ذریعہ بنایا

در سخن سکهٔ هدایت زد
شرقیان را صلای دعوت زد

شعر کے ذریعے اس نے راہنمائی کا کام کیا اور مشرق کے لوگوں کو دعوت مطالعہ دی۔

تافت چون شمس سحر افکارش
شد هویدا رموز و اسرارش

اسکے افکار کا سورج آفتاب کیطرح چمکا اور اسکے ''رموز و اسرار'' ظاہر ہوگئے۔

آنچه اندر پیام مشرق خواست
کار عالم بکار مشرق خواست

''پیام مشرق'' میں اسکی یہ آرزو تھی کہ دنیا مشرق کی آرزوئیں انجام دے۔

ناقه شرع را زمام گرفت
قدرت از دولت کلام گرفت

اس نے شریعت کی ناقہ کی زمام ہاتھ میں لی۔ اور اس نے کلام کی دولت سے قوت حاصل کی۔

جان پاکان را ز دام جور ناپاکان رهاند
جامهٔ هستی بپوشانید بر آمال او

اس نے پاک لوگوں کو ناپاک لوگوں کے هاتھ سے نجات دلائی اور اپنی قوم کی آرزوں کو هستی کا جامہ پہنایا۔

از گروهی ناتوان قومی توانا آفرید
چون بجولان اوفتاد اندیشهٔ احوال او

جونہی کہ اس کا تخیل جولانی میں آیا اسنے ایک ناتوان گروہ سے ایک توانا قوم پیدا کی۔

آهوی در پنجهٔ شیر نری میداد جان
نیروی اقبال کرد آزادش از چنگال او

ایک نر شیر کے پنجے میں آهو جان دے رها تھا اقبال کی قوت نے اس کو شیر کے پنجے سے آزاد کرایا۔

کاروانی راه استیصال می پیمود و وی
بست با بانگ درایش راه استیصال او

ایک کاروان تباهی کے راستے پر جارها تھا اس نے اپنی "بانگ درا" اس کی تباهی کا راستہ روک دیا۔

بر گروه خود شناسانید ز اسرار خودی
آنچه پنهان است اندر جوهر فعال او

اس نے قوم کو "اسرار خودی" سے واقف کیا اور بتایا کہ خودی کے عملی جوهر میں کیا کیا پنہاں ہے۔

اثر طبع آقــای کاظم رجوی

کاظم رجوی وزارت تعلیم ایران کے اعلی افسروں میں سے ہیں بحثیت شاعر انکا شمار بہترین معاصر شعرا میں ہے - ادب مین غیر معمولی دسترس کے علاوہ انکو فلسفہ اسلامی اور ریاضیات میں بھی تبحر حاصل ہے -

آفرین بر ملک پاکستان و بر (اقبال) او
آهنین بنیان گزار کاخ استقلال او

ملک پاکستان اور اس کے اقبال پر آفرین! اقبال جس نے پاکستان کے کاخ آزادی کی مضبوط بنیاد رکھی -

شاعری کز گفته اش بر ملت خود جان دمید
برد بر اوج ثریا پایهٔ اقبــال او

وہ ایسا شاعر تھا جس کے کلام نے اس کی قوم میں جان پیدا کی او، اس کے اقبال کو ثریا کی بلندی تک لے گیا -

حال میهن را چو دید از گردش گردون نژند
در تب و تاب او فتاد از سختیٔ احوال او

جب اس نے گردش فلک کے هاتھوں وطن کی بری حالت دیکھی اس کی بری حالت کو دیکھکر اس کا دل جلنے لگا -

غوطه ور شد در دل دریای ماضی سالها
تا ز طوفان برد بیرون رخت استقبال او

کئی سال وہ ماضی کے سمندر میں غوطہ زن رہا اور آخر کار قوم کے مستقبل کو طوفان سے بچالیا -

قاتل هر اتفاق و اتحاد مردم است
مار خود کامی و زهر سهلک و قتال او

خود غرضی کا سانپ اور اس کا مہلک زہر ہر اتفاق اور اتحاد کا قاتل ھے ۔

گفت اقبال آنچه میبایست با اقوام شرق
از خرابیهای شرق و علت اغفال او

اقبال نے جو کچھ ضروری تھا مشرق ۔ اور اس کے غافل گیر ہونے کے متعلق مشرق کی قوموں کو بتایا ۔

کرد روشن با بیان روشن و گیرای خویش
راز این بیچارگی شرق و اضمحلال او

اقبال نے اپنے واضح اور دلچسپ بیان سے واضح کردیا کہ مشرق کی بے چارگی اور اس کے مضمحل ہونیکا راز کیا ھے ۔

از پیام شرق او دنیای مشرق جانگرفت
تافت خورشید رشاد از مشرق اقوال او

اس کے پیام مشرق سے دنیای مشرق میں جان آگئی اس کے کلام کے مشرق سے ھدایت کا خورشید طلوع ھوا ۔

وزندای «پس چه باید کرد ای اقوام شرق»
شرق را بنمود راه عزت و اجلال او

اور «پس چه باید کرد ای اقوام شرق» کی آواز سے اس نے مشرق کی عزت اور جلال کی طرف راهنمائی کی ۔

تا نپندارد که جام جم بدست دیگری است

بادهٔ نابی است هم در جام مالا مال او

یہ خیال نہ کریں کہ جام جم کسی اور کے ہاتھ میں ہے۔ اس کے بھرے ہوئے جام میں صاف شراب موجود ہے۔

وز (رموز بیخودی) آموخت بر بیگانگان

راہ و رسم آشنائی با زبان حال او

"رموز بیخودی" کے ذریعے اس نے ناآشناؤں کو زبان حال سے راہ و رسم آشنائی سکھائی۔

آری اسرار خودی خود راهنمای بیخودی است

تا ترا برهاند از خود خواهی و جنجال او

سچ ہے اسرار خودی بیخودی کی طرف راہنمائی کرتے ہیں تاکہ تجھکو خود غرضی اور اس کی پیچیدگیوں سے بچائیں ۔

بیخودی یعنی، رهائی از خود و خود کامگی

محو گشتن در خدا و ذات بی تمثال او

بیخودی خودی اور خود غرضی سے رہائی ہے یہ خدا اور اس کی بےمثل ذات میں محو ہونا ہے۔

دیو خود خواهی است مایهٔ تیره بختیهای ما

آدمی بدبخت شد زین غول و قیل و قال او

خود غرضی کا دیو ہماری بد بختیوں کا سبب ہے انسان اسی شیطان کی باتوں سے بدبخت ہوا۔

از فرنگ و از فرنگستان بود بیزار از آنک
قرنہا بد شرق زیر دست و شد پامال او

وہ فرنگ اور فرنگستان سے اس لئے بیزار تھا کیونکہ صدیوں سے مشرق فرنگ کے تسلط میں اور اسکے ھاتھوں پامال رھا۔

از اروپا دور شد اقبال زیرا آسیا
روز گاری ماند زیر پنجۂ اشغال او

وہ یورپ سے متنفر ھے کیونکہ ایشیاء پر ایک زمانے سے وہ قابض رھا ھے۔

کرد از (جاوید نامہ) نام خود را جاودان
جاودان مانند آری جاودان امثال او

،،جاوید نامہ،، لکھکر وہ جاوداں ھوگیا۔ ھاں یہ درست ھے اس جیسے لوگ ھمیشہ زندہ رھتے ھیں۔

گفت اقبال ،،ای بسا شاعر کہ بعد از مرگ زاد،،
این سخن حق است در حق وی و ابدال او

اقبال نے کہا ھے کہ کئی شاعر موت کے بعد دوبارہ زندہ ھوتے ھیں،، یہ بات اس کے اور اس جیسے لوگوں پر صادق آتی ھے۔

با (زبور) وی کہ از نام (عجم) زیور گرفت
تازہ شد جان جہان از نام فرخ فال او

اس کی ،، زبور عجم،، کے نام سے عجم نے اپنے آپ کو آراستہ کیا، اس کے مبارک نام سے دنیا کی روح تازہ ھوگئی۔

خواند مشرق را بسوی دانش و کوشش ، چو دید
خواری مشرق زمین از جهل و از اهمال او

اس نے مشرق کو علم اور کوشش کی طرف بلایا جب اس نے دیکھا کہ مشرق کی خواری اس کی جہالت اور بے پروائی کا نتیجہ ہے ۔

شد دلیل راه شرق گفته های نغز او
حجت آزادی شرق آمد استدلال او

اس کی اچھی باتیں مشرقیوں کے لئے راہنما بن گئیں اس کے دلائل مشرق کی آزادی کے لئے حجت تھے۔

آفتاب شرق راچون دید در گودال غرب
سیر شد از غرب و از دریای پر گودال او

جب اس نے آفتاب شرق کو مغرب کے گڑھے میں گم دیکھا اس کا دل مغرب اور اس کے تاریک سمندر سے سیر ہوگیا ۔

ز آنهمه گندم نمائی جو فروشی دید و بس
چون جوال غربیان بگذشت از غربال او

اس نے ان کے ہاں فقط گندم نمائی جو فروشی دیکھی جب اس نے مغرب کے لوگوں کی درست چھان بین کی۔

عاشق شرق و هوای گرم سودا خیز اوست
دشمن غرب و فضای سرد چون یخچال او

وہ مشرق اور اس کی جنون خیز گرم ہوا کا عاشق ہے وہ مغرب اور اس کی برف جیسی سرد فضا کا دشمن ہے ۔

والہ و شیدائی حسن زبان پارسی است
فتنۂ این شاهد شعر است و خط و خال او

وہ فارسی زبان کی زیبائی کا عاشق ھے اس کے شاھد شعر کے لئے اسکے خط و خال فتنہ ھیں

مولوی و سعدی و حافظ تجلی کردہ اند
در همه افکار و در آمال و در امیال او

مولوی (رومی) سعدی اور حافظ آشکار ھوئے ھیں
اسکے افکار و آرزو میں اور مقاصد میں

حکمت یزدانی ایرانی زمین چون مطلعی است
کز همانجا شد فروزان اختر اقبال او

ایران کا الہامی فلسفہ ایک مطلع کی طرح ھے
جہاں سے اسکے اقبال کا ستارہ طلوع ھوا

رنج ها برد این سخنگوئی هنرور سالها
هم دو تاشد پشت او وهم تبه شد حال او

اس هنر مند شاعر نے کئی سالہا محنت کی
اسکی کمر دوھری ھوگئی اور اسکا حال افسردہ ھو گیا

لیک با این رنجها و درد ها یکدم نشد
فارغ از اندیشۂ احیاء کشور بال او

لیکن ان تمام رنج و درد کے باوجود ایک دم کے لئے بھی وہ اپنے ملک کے احیا کے فکر سے فارغ نہیں تھا

جون (مسافر) سیر در آفاق و انفس میکند

(بال جبریل) است گوئی فکر زرین بال او

اقبال ،،مسافر،، کی طرح کائینات میں سفر کرتا ہے اور ،،بال جبریل،، اس کے سنہری پرون کی بجائے ہے۔

گاہ از (نجد و حجاز) آرد برایت (ارمغان)

گاہ با (ضرب کلیم) از مصر و از ابطال او

کبھی وہ نجد اور حجاز سے تمہارے لئے ارمغان لاتا ہے اور کبھی مصر اور وہاں کے بزرگوں سے ،،ضرب کلیم،، بھی۔

گہ با (تجدید افکار مسلمانی) کند

چشم گیتی خیرہ از اسلام و از اعمال او

کبھی تجدید افکار مسلمانی کرکے دنیا کی آنکھ اسلام اور اسلامی عمل دکھا کر خیرہ کردیتا ہے۔ (اقبال کی کتاب تجدید فلسفہ اسلامی کی طرف اشارہ ہے)

میستاید از دل و جان دین حق مصطفیٰ

میسپارد راہ نیک مرتضیٰ و آل او

وہ دل و جان سے دین مصطفیٰ کی تعریف کرتا ہے اور مرتضیٰ اور اسکی اولاد کے راستے پر گام زن ہے

روح او ایرانی است و گفتہ ہایش پارسی

فیضہا دریافتہ از چشمۂ سیال او

اسکی روح ایرانی ہے اور اسکا کلام فارسی ہے

اس نے ایران کے جاری چشموں سے فیض حاصل کیا ہے

بر بیان نغزو فکر بکر اقبال است و بس
کاخ استقلال پاکستان و استکمال او

پاکستان کی آزادی اور ترقی کی بنیاد
اقبال کے اچھے اور نئے نئے افکار پر ہے

نام پاکستان ازین فرزند رادش زنده شد
زنده میدارند آری سام را اطفال او

پاکستان کا نام اس عالی مرتبت فرزند کے ذریعہ زندہ ہو گیا
یہ سچ ہے کہ بچے اپنی ماں کا نام زندہ رکھتے ہیں

بس درود ازمن بر این اقبال پاکستان که شد
نام پاکان زنده از آلام و از آمال او

میری طرف سے اقبال پر درود پہنچے کیونکہ
اسکے مقاصد اور اسکی محنت سے پاک لوگوں کا نام زندہ ہوا

روز اقبال است روز اول اردیبهشت
وه چه روز خرم و خوبی است روز سال او

,, یوم اقبال ،، اردی بہشت کی پہلی تاریخ کو ہوتا ہے
واہ واہ اسکی برسی کا دن کتنا خرم و اچھا ہے

وین چکامه در چنین روزی بیادوی بود
ارمغان من بپاکستان و بر اقبال او

اس دن کی مناسبت سے یہ قصیدہ میری طرف سے پاکستان اور اسکے
اقبال کی خدمت میں ارمغان ہے

تا بپاکستان شناسانید حق خویشتن
مہر خاموشی بر افگند از زبان لال او
اس نے پاکستان کو اسکے حق سے آگاہ کیا
اور اسکی خاموش زبان سے مہر خاموشی توڑ دی

تا برون کرد از زمین پاک پاکستان عدو
کرد ثابت کاین دیار پاک نبود مال او
اس نے پاکستان کی زمین سے دشمن کو نکال کر ثابت کر دیا کہ
پاکستان اسکی ملکیت نہیں تھا

شاعران را باید از اندیشہ او پیروی
تا ببار آید ز اقوالش همه افعال او
شاعروں کو چاهئے کہ اقبال کے خیالات کی پیروی کریں
تاکہ انکی باتوں سے انکے اعمال ظاهر هوں

شرقیاں را باید از شاعر چو پاکستان سپاس
تا همه راهی به پیما یند بر منوال او
مشرقی لوگوں کو چاهئے کے شاعر پاکستان کا شکریہ ادا کریں
اور سب کو چاهئے اقبال کی منشاء کے مطابق راستے پر چلیں

ملک پاکستان همه چیز خود (اقبال) یافت
چون سرود او شنید و رفت از دنبال او
پاکستان نے اپنی هر چیز اقبال سے حاصل کی -
جس نے اسکا نغمہ سنا اور اسکے پیچھے روانہ هوگیا

قصیده آقای ادیب برومند شاعر ملی ایران

آقا ی ادیب برومند ایران معاصر کے مشہور شعرا میں سے ہیں اور قصیده سرائی میں انکا مرتبہ بہت بلند ہے۔

اقبـــال

امروز باقبال تو ای یار فسونکار
اقبال بمی بایدم و زمزمه تار

اے میرے افسونکار محبوب تیرے اقبال کے وسیلہ سے مجھے ستار کے زمزمہ کے ساتھ مے میسر ہونی چاہئے

امروز با قبال تو خوش باده خرم تلخ
ای دلبر شیرین سخن نادره گفتار

آج میں تیرے اقبال کی بدولت تلخ شراب کو خوشی سے نوش کروں
اے میرے شیرین سخن اور نادر باتیں کہنے والے محبوب!

می نوشم و بر زیر و بم تار کنم گوش
با یار که بردل زندم چنگ و باو تار

میں شراب پیوں اور ستار کے زیر و بم (نغمہ) کو سنوں
محبوب کے ہمراہ جو میرے دل کے ساز پر ھاتھ پھیرتا ہے

ای ساقی گل چهره بریز آں می گل رنگ
تا گونه چو آتش کنم و چهره چو گلنار

اے ساقی گل چہرہ وہ گل رنگ (سرخ) شراب ڈال دے
تاکہ اپنے رخسارے آگ کی طرح اور چہرہ گلنا کی طرح کر لوں

بحث اقبال ار چه بس شایستهٔ تفصیل بود
ایک من بس کردم از آن برهمین اجمال او

اگرچه اقبال کے متعلق بحث زیادہ مفصل ہونی چاہئے
میں اس مختصر پر ختم کرتا ہوں

* * *
* *
*

آنجا که درو نیر اقبال فروزان
آنجا که درو پرتو اسلام پدیدار

وہ جگہ جہاں اقبال کا ستارہ روشن ہوا
وہ جگہ جہاں اسلام کی روشنی کا عکس نمودار ہوا

آنجا کہ ازو خاست یکی مرد گرانسنگ
آنجا کہ درو رست یکی نخل گرانبار

وہ جگہ جہاں سے ایک بڑی قابلیت کا شخص پیدا ہوا
وہ جگہ جہاں سے ایک بہت زیادہ پھل والا درخت پیدا ہوا

زان مرد نکو نام ، زمانراست ہمی فخر
زاں نخل برومند ، زمیں راست ہمیں بار

اس نیک نام مرد سے زمانے کو فخر حاصل ہے
اس پھل دار درخت سے زمین کو پھل نصیب ہوا

آں عالم یکتا بوطن منشاء تعلیم
آں مشعل تابان بجہان مطلع انوار

وہ یکتا عالم وطن کے لئے تعلیم کا منبع تھا
وہ روشن مشعل جہاں کے لئے روشنی کا منبع تھا

ہمنام ,, محمد ،، ہنر اموز حکیمی
دلدادہ سرخیل رسل احمد مختار

وہ ہنر سکھانیوالا فلسفی ,, محمد ،، کا ہمنام ہے
وہ احمد مختار کا جو نبیوں کے سردار ہیں عاشق ہے

بنشین و بر افروز رخ ای لعبت شیرین
بر خیز و بر افراز قد ای شاهد عیار

اے محبوب شیریں بیٹھ جا اور اپنے چہرے کو روشن کر پھر
اے میرے عیار معشوق اٹھکر کھڑا ہوجا اور اپنے بلند قد کی نمائیش کر

ز آن یک بہر آب از رخ نسرین و شقائق
زین یک بزن آتش بدل سرو و سپیدار

پہلی حرکت سے نسرین گل لاله کو ماند کر دے
دوسری حرکت سے سرو اور سفیدے کے درخت کو (آتش حسد میں) جلا دے

در دو سه جامی که بنوشم مئ و زانپس
یک لحظه ز پنجاب سرایم سخن اے یار

دو تین جام مجھے دے تا که پینے کے بعد تھوڑی دیر کے لئے پنجاب کے متعلق شعر پڑھوں

آنجا که بفرهنگ و کمال است مزین
آنجا که بتعظیم و درود است سزاوار

وه جگه جو تمدن اور کمالات کے زیور سے آراسته ھے
وه جگه جو درود اور تعظیم کے لائق ھے

آنخطه کز و مہر و وفا خیزد ورادی
آنخطه کزو جاه و ظفر زائد و مقدار

وه خطه جہاں سے مہر و وفا اور بلتد همتی پیدا ھوتی ھے
وه خطه جہاں سے جاه اور ظفر ور قابلیت پیدا ھوتی ھے

شد شاعری آنگونه که درجنگ اجانب

شعرش بیقیں گشت بہیں حربه احرار

وہ ایسا شاعر تھا کہ اجنبی کے خلاف جنگ میں اسکا شعر یقیناً احرار کے لئے اسلح تھا

شد شاعری انگونه که در هند سراسر

کر دند با عجاز کلامشں همه اقرار

وہ ایسا شاعر تھا کہ هند میں سر تا سر سب نے اسکے اعجاز کلام اقرار کیا

هر چند (باردو) سخن آموخت زطفلی

با لفظ (دری) ساز سخن کرد در اشعار

اگرچه بچپن سے اسنے اردو زبان سیکھی تھی اس نے فارسی زبان میں شاعری شروع کی

بنگر (بزبور عجم) و (نامه جاوید)

در یاب ز اسرار خودی جلوهٔ افکار

,,زبور عجم،، اور ,,جاوید نامه،، کا مطالعه کرو اور اسرار خودی سے افکار کے جلوے حاصل کرو

چوں دوره (اکبر شه) و (اورنگ) و (جهانگیر)

بر لفظ (دری) زیب و فر افزود دگر بار

اکبر اور اورنگ زیب اور جهانگیر کے زمانے کے مانند اس نے دو باره فارسی کی زیب و زینت کو بڑھایا

فرزانه و دانشور و نام آور و محبوب

آزاده و بینا دل و نیک اختر و هشیار

وہ دانا، عقلمند ، مشہور و محبوب ہے

وہ آزاد ہے اسکا دل بصیر ہے وہ نیک اختر اور ہوشیار ہے

اندوخت بسی علم و سخندانیو حکمت

آموخت بسی فضل و هنر مندی و رفتار

اسی نے علم و شعر اور حکمت کو بہت جمع کیا

اس نے بہت حد تک ہنر، اخلاق اور علم سکھایا

آموخت (بلاہور) بسی دانشو فرهنگ

زاں پس (باروپا) حکمو فلسفه بسیار

اس نے لاہور میں کافی عرصہ علم اور فرہنگ کی تعلیم دی اسکے بعد یورپ میں علم اور فلسفہ کا مطالعہ کیا

شد شاعری آزادهو دریا دل و فیاض

از وسعت اندیشه و از طبع گهر بار

وہ ایک شاعر تھا آزاد منش ، وسیع قلب اور فیاض

اپنے خیال کی وسعت اور اپنی گھر بار طبع کی بدولت

شد شاعری آنگونه که تاثیر کلامش

حسن وحرکت داد بنقش درو دیوار

وہ ایسا شاعر تھا کہ اسکے کلام کی تاثیر نے در و دیوار کے نقش کو حس اور حرکت عطا کی

شد در وطن خویش مہین (شاعر ملی)
و آمد ببرش خشم قوی پنجه بزنہار

اپنے وطن میں اسے قومی شاعر کی عظمت ملی اور طاقت ور دشمن
بھی اسکے قابو میں آگیا

چوں دید که در هند دل مسلم و هندو
پیوند محبت نپذیرفت بنا چار

جب اسنے دیکھا که هند میں مسلم اور هندو کا دل محبت کے
پیوند کو قبول نہیں کرتا تو نا چار

یک بار صلا داد که اقوام مسلمان
باید که در آیند بیک حلقه‌و یکدار

اس نے آواز دی که تمام مسلمان قوموں کو
چاهئے که ایک حلقے اور دائرے میں آجائیں

این گفت وپس از مرگ وی ایں کشته‌ثمرداد
با همت مردان ظفر مند و فدا کار

اس نے یه کہا اور اسکے مرنے کے بعد اس نے پھل دیا
مردان ظفر مند اور فدا کار کی همت کی بدولت

و ندر صف میدان بجناح وطن‌و دین
گر دید جناح از پی ایں نقشه علمدار

میدان کی صف میں وطن اور دین کے پہلوں پر جناح نے اس اسکیم کو
عملی جامه پہنانے کا بیڑا اٹھایا

خوش نغمه‌گر گلشن (روسی) شد و دریافت
از ساحت اندیشه او نزهت گلزار

وہ روسی کے باغ کا نغمہ سرا بن گیا اور روسی کے افکار سے اسکو گلزار کی نفاست مل گئی

بر تارک دوران خود از گفته فراهشت
بس در گرانمایه و بس گوهر شهوار

زمانے کے سر پر اپنے شعر سے نچھاور کردئیے
بے شمار گرا نمایه موتی اور بے شمار گوهر شهوار

یکباره بخدمت گری خلق کمر بست
تا باز رهاند وطن از سلطهٔ اغیار

اس نے ایک دفعه خلق کی خدمت کے لئے کمر باندھ لی تا کہ وطن کو غیروں کی حکومت سے رهائی دلوائے

خوش کرد بسیج از ره گفتار کسانرا
بر ضد (بریطانی) یغماگر مکار

اس نے اپنے کلام سے لوگوں کو خوب صف آرا کیا
برطانیه مکار اور یغما گر کے خلاف

و آرام نخسپید در اینمرحله تا کرد
آو ای نجاتش همه را یکسره بیدار

اس دوران میں وہ آرام سے نہ سویا جبتک کہ اسکی آزادی کی آواز نے سبکو بیدار نہ کر دیا

گوید که ترا عشق بود رهبر هستی
وز علمِ و شود راه وگذر گاه تو هموار

وہ کہتا ہے کہ زندگی میں تیرا رہبر عشق ہونا چاہئے ورنہ محض علم سے تیرا راستہ مشکل ہو جائیگا -

آسایش گیتی همه در عشق و صفا جوی
فرسایش انسان همه از کینه و پیکار

زندگی کی آسائیشی حرف عشق اور صفائی قلب میں تلاش کر کینہ اور پیکار انسان کو خراب کرتی ہے -

از مغربیان زیرکی و علم و حیل زاد
وز مشرقیان عشق و دل و معنی و کردار

مغربی لوگوں سے چالاکی، علم اور حیلہ گری وجود میں آئی اور مشرقیوں سے عشق و دل و روحانیت اور عمل نیک -

(افرنگی) جابر نبود قابل تقلید
کو خیره و بی شرم و وقار است و سبکسار

ظلم کرنیوالا فرنگی اس قابل نہیں کہ اسکی تقلید کی جائے کیونکہ وہ خیرہ سر و بے حیا و بیوقار ہے -

از جانب افرنگی الوده سروپائی
ناید بجز افسو نگری و فتنه و آزار

افرنگی سراپا آلودہ ہے اسکی طرف سے بغیر افسونگری و فتنہ اور تکلیف کے کچھ حاصل نہیں -

زیں نقشه پدیدار شد انکشور نو خیز
کا نخطه با (پاکستان) شد شهره اقطار

اس اسکیم سے وہ نیا ملک وجود میں آیا جو پاکستان کے نام سے دنیا میں مشہور ہے

از فلسفه او چه دهم شرح که او راست
ایں فلسفه خوش منعکس اندر همه آثار

اس کے فلسفہ کے متعلق میں کیا بیان کروں ۔ کیونکہ اسکا فلسفہ اسکی تمام تصنیفات میں منعکس ہے

او بیروی مکتب اسلام کند نیک
وز محبت این کیش بود کاشف اسرار

وہ مکتب اسلام کی ٹھیک پیروی کرتا ہے اور اس مذہب کا بیان کرتے ہوئے اس نے اسرار کھولے ہیں

خواهد که مسلمانان سازند ز وحدت
سدی به ره عیسویان محکم و ستوار

وہ چاہتا ہے کہ مسلمان متحد ہو کر مسیحیوں کے مقابل ایک مظبوط اور مستحکم دیوار کھڑی کر دیں

وز پرورش قوه خلاقهٔ قدرت
گردند ز سستی و زبونی همه بیزار

اور قوت تخلیق کی تربیت کریں اور سستی و بے چارگی سے بیزاری کا اظہار کریں

در عرصه پـر کشمکش عالم هستی

چوں شیر عرین باش نه چوں میش علفزار

زندگی کے پر کشمکش میدان میں شیر عرین کے مانند بن نه گھاس کھانے والی بھیڑ

جز در بر آسیب و خطر شوکت و فر نیست

این راز حیا تست و جزاین مرگ دگر عار

سوائے خطر اور مشکلات کے شوکت و شکوہ نہیں، یہی راز حیات ہے اس کے بغیر محض موت یا عار ہے

مبنای (خودی) منشاء ایجاد جهانست

وین نزد (خود آگه) نبود درخور انکار

خودی کے بنیاد دنیا کی ترقی کا منبع ہے اور، خود آگاہ، شخص اس سے انکار نہیں کر سکتا

ز اسرار خودی بایدت آگه شدن ایدوست

تا بشنوی از گوش درون زبده اخبار

اے دوست تجھے اسرار خودی سے آگاہ ہونا چاھئے تاکہ تو باطن کے کان سے مہم خبریں سن سکے

در خود بنگر ژرف و عیان ساز خودی دار

تا بنگری از چشم نهان عالم دیدار

اپنے اندر گہری نظر دوڑا اور اپنی خودی کو آشکار کر تاکہ تو چشم باطن کے ذریعہ عالم ظاہر کو دیکھ سکے

ای آه از این قوم ستمکار بد اندیش
ای وای از این مردم نا بخرد خونخوار
افسوس اس ظالم اور بد فکر قوم سے
افسوس ان بے عقل اور خونخوار لوگوں سے

باید تو ز اندیشه و عزم و خرد خویش
آسان گذری از ره نا ایمن و دشوار
چاهئے کہ تو اپنے فکر، اراده اور عقل کی بدولت اس مشکل اور غیر محفوظ راه سے آسانی سے گذر جائے

بیخود شدن از خویش بود توسعه روح
در ملت خود محو شدن شیوه ابرار
اپنے آپ سے بے خود هونا روح کی وسعت کو ظاهر کرتا هے۔ اپنی ملت میں محو هو جانا ابرار کا طریقه هے

سعی و عمل و جنبش و امید و توکل
این جمله بود نقد بقا راهمه معیار
سعی و عمل و حرکت و امید و توکل یه هیں جو زندگی کے معیار هیں -

یکباره مشو دستخوش بازی تقدیر
دستی ببر از وی تو بدین قدرت سرشار
تقدیر کے کهیل میں اپنے آپ کو بے بس مت خیال کر اس عظیم قوت کے ذریعه اس سے سبقت لیجا

نالاں مشو از کجروی مرکب تقدیر

یا عزم گران توسن تقدیر براہ آر

اگر مرکب تقدیر ٹیڑھے راستہ پر جائے تو غم مت کرو اپنے سخت ارادے سے توسن تقدیر کو راستہ پر لے آو

تحقیر خودی منشاٴ آثار زوال است

تخفیف روان منبع بدبختی و ادبار

خودی کو حقارت کی نظر سے دیکھنا زوال کا پیش خیمہ ہے روح کو کمزور کرنا بد بختی اور ادبار کا منبع ہے

اینجملہ ز اقبال بود ذکر فضائل

کوہست گلستان ادب را گل بیخار

یہ چند ایک اقبال کے فضائل ہیں وہ اقبال جو گلستان ادب کا گل بے خار ہے

* * *

* *

*

گوئی که خودی چیست؟ خودی فر خدائیست
اینشخص تو وین قوه که در تست ترا یار

تو کہتا ھے کہ خودی کیا ھے خودی خدا کی شان ھے یہی تری شخصیت ھے اور یہی وہ قوت ھے جو تیری دوست ھے۔

در راه خودی پای ارادت بطریق آر
تا آنکه بری ره بسوی حکمت دادار

خودی کی راہ میں عقیدت کے قدموں سے چل تاکہ تو خدا کی حکمت کی طرف راستہ طے کر سکے -

بفروز بدل آتش آمال نوین را
وز پر تو او راه طلب چو بشب تار

نئی آرزوؤں کی آگ دل میں روشن کر اور اسکی روشنی سے تاریکیات میں راستہ تلاش کر۔

گر لوح دل از نقش تمنا ست نگرین
هرگز نه پذیرد ز بد حادثه زنگار

اگر تیری لوح دل پر تمنا کے نقش و نگار ھوں تو بڑے حادثات سے بھی اس پر زنگار نہیں آئے گا -

نو کن بتن از نو طلبی جامه هستی
ز آن پیش که پوشد ز فنا پودتو باتار

نئی چیزوں کی تلاش سے اپنے جامہ هستی کو نیا رکھو اس سے پہلے کہ اس کے تارو پود موت سے پوشیدہ ھو جائیں -

بجہان شور افکند آن کو
دلش از عشق گشت مالامال

جہان میں وہی شخص ہیجان پیدا کر سکتا ہے جسکا دل عشق سے مالا مال ہو

مستمع را فزود حسن اثر
متکلم چو داشت حسن مقال

سننے والے پر اچھا اثر پڑتا ہے جب بات کرنے والا شیریں کلام ہو

گفت دانا کہ چون نبی ملہم
ہست شاعر زایزدہ متعال

دانا کا قول ہے کہ شاعر بھی نبی کی طرح خدا کی طرف سے ملہم ہوتا ہے

شاعرانند چون پیامبران
در بیان و فضایل و اقوال

شاعر بھی بیان اور فضائل اور اقوال میں پیغمبروں کی مانند ہوتے ہیں

از کلام محمدی است اثر
در کلام محمد اقبال

اور محمد اقبال کے کلام میں محمد کے کلام کا اثر ہے

پارسی گو حکیم پاکستان
پاک جان ، پاک شیوہ ، پاک‌خصال

اقبال پاکستان کا فارسی گو حکیم ہے وہ پاک جان ، پاک شیوہ اور پاک خصائل کا مالک ہے

اقتباس و انتخاب از قصیده آقای حبیب یغمائی

(حبیب یغمائی ایران معاصر کے استاد شعراء میں سےھیں اور ملک کے نوجوان ادبا و شعراء میں احترام کی نظر سے دیکھےجاتے ھیں کئی سال سے یغمائی ایران کے مشہور ادبی اور علمی مجلہ یغما کے مدیر ھیں) —

زنده ماند سخنوری که ورا
دقت فکر هست و لطف خیال

وہ شاعر همیشه زنده رهتا ھے جسکے کلام میں تفکر کی باریکی اور لطافت خیال ھو

اوج شاعر بود به نیروی فکر
اوج طائر بود بقوت بال

شاعر کی اهمیت اسکے تخیل کی قوت سے ھے جسطرح پرندے کی بلندی پرواز اسکے پروں کی قوت سے ھے

سخنی کان ز حکمت است تہی
میوه ای هست نا رسیده و کال

وہ شعر جو حکمت سے خالی ھے وہ نا پخته اور کچے پھل کیطرح ھے

حکمت آموزی آن کند که وراست
طبع مواج و فکرت جوال

اور حکمت وھی سکھا سکتا ھے جسکو متحرک طبع اور روشن " تخیل میسر ھو

از قصیده آقای ڈاکٹر قاسم رسا ، مشهد

سر زد از لاهور رخشان اختری

آن که پاکستان همی نازد بدو

لاهور سے ایک درخشاں ستارہ طلوع ہوا جسپر پاکستان ناز کرتا ہے۔

خود نه پاکستان که خاک هندرا

خامه اقبال بخشید آبرو

نه صرف پاکستان بلکه هند کو بھی اقبال کے قلم نے آبرو بخشی -

شاعری شیرین کلام و نکته سنج

تا بگوید راز پنهان مو بمو

شیرین کلام اور نکته سنج شاعر نے پنہاں راز جو تھے انکو تفصیل سے بیان کر دیا ۔

طالب حق بود ودر آفاق گشت

تا کند مطلوب خور را جستجو

وہ حق کا طالب تھا اور تمام آفاق میں پھرا تاکه اپنے مطلوب کی جستجو کرے -

آفرین بر آن سخن دان کز سخن

در جهان بگذاشت آثاری نکو

اس سخندان پر آفرین جس نے اپنے شعر کی اچھی یادگار دنیا میں چھوڑی ۔

فکر بکرش بکنہ بحر عظیم
شعر نغزش بلطف آب زلال

اس کا طبع زاد تخیل گہرائی میں بڑے سمندر کے مانند ہے اس کا اعلی شعر لطافت میں صاف پانی کی مانند ہے

دین اسلام را نمودہ شرف
مردم شرق را فزودہ جمال

اس نے دین اسلام کے شرف میں اضافہ کیا ہے اور مشرق کے لوگوں کے جمال میں اضافہ کیا ہے

چارہ جوئی کند بخیر و صلاح
کہ گراید بشر براہ کمال

وہ نیکی اور رفاہ بشر کے لئے کوشاں ہے اور چاہتا ہے کہ انسان اپنے کمال تک پہنچ جائے گا

و اتحاد ممالک اسلام
ہست او را ز جملہ آمال

اسکی آرزو اور مقصد اتحاد ممالک اسلام ہے

"روز اقبال" یعنی امروز است
کہ رسیدش ز حق نوید وصال

آج یوم اقبال ہے یعنی آج کے دن اسکو خدا سے وصال کی خوشخبری ملی

وین چنیں روز را علی التحقیق
بفزاید شکوہ در ہر سال

اور ایسے دن کا یقیناً سال بسال شکوہ و جلال بڑھتا رہے گا

سالک راہ حقیقت بود گشت
از پی عطار و رومی کو به کو

وہ حقیقت کے راستے پر چلنے والا تھا اور وہ عطار اور رومی کے پیچھے گلی گلی گھوما

در پیام شرق ،، آن دانا چوکرد
با ،، گوتہ ،، دانائی مغرب گفتگو

پیامِ مشرق میں اس دانا نے مغرب کے دانا گوئٹے سے گفتگو کی ھے

درسخن از شاعر مغرب زمین
شاعر مشرق زمین بربود گو

اور شعر میں شاعر مغرب زمین کے شاعر سے مشرق زمین کا شاعر سبقت لے گیا

ہر کہ او چون زندہ گرداند سخن
در جہاں ہرگز نمیرد نام او

جو شخص شعر کو زندہ کرتا ھے اسکا نامِ جہان سے ہرگز نہیں مٹتا

ای رسا چون راست مردان در جہاں
جـــز طـــریق راستی راھی مپو

ای رسا نیک آدمیوں کی مانند دنیا میں
سوائے سچائی کے راستہ کے کوئی راستہ اختیار نہ کر

آبیاری کرد خاک ہند را
تا کہ آب رفتہ باز آرد بجو

اس نے خاک ہند کی آبیاری کی تاکہ گذرے ہوئے اچھے دن واپس آجائیں

آنکہ استقلال پاکستان و ہند
در جہانش بود تنہا آرزو

وہ جسکی زندگی میں تنہا آرزو پاکستان اور ہند کی آزادی تھی

ریخت در ساغر شراب اتحاد
گفت یاران را کہ قوموا و اسر عو

اس نے پیالے میں اتحاد کی شراب ڈالی اور دوستوں سے کہا آؤ کھاؤ اور پیو

بیدلان را میکشد سوی چمن
،، ارمغان ،، آن گل خوشرنگبو

اس اچھی بو اور رنگ والے پھول کا تحفہ بیدلوں کو باغ کی طرف کھینچتا ہے

در دل عشاق سوز خامہ اش
آتش عشق است ننشیدند فرو

اسکی قلم کا سوز عاشقوں دل میں عشق کی آگ روشن کرتا ہے جو کبھی نہیں بجھتی

نو بہاری برنگ و بوی بہشت
ایمن از آفت خـــزاں دیــدم

ایک نو بہار تھی بہشت جیسی رنگ و بو کی حامل اور خزاں کی مصیبت سے مصون جو میں نے دیکھی -

گلشن رشک بوستان ارم
خوشتر از ساحت جناں دیدم

میں نے دیکھا ، ایک باغ جس پر باغ ارم کو رشک آئے اور جو جنت سے بھی زیادہ خوشگوار تھا -

واندران رنگ رنگ لالــــہ و گل
گــونہ گــون سرو ارغواں دیدم

اسمیں رنگ رنگ کے لالہ و گل اور قسم قسم کے سرو اور ارغوان میں نے دیکھے -

مرغــکان بہشتی از هـر سوی
بـر سر شاخ نغمـــہ خوان دیدم

بہشت کے پرندے ہر طرف سے ہر شاخ پر نغمہ خواں میں نے دیکھے -

گلبنانرا نیاز بر لب جوی
بر سر از سرو سائبان دیدم

نہر کے کنارے گلبن جھکے ہوئے تھے اور میں نے سر پر سرو کا سائبان دیکھا -

قصیدهٔ آقای علی صدارت نسیم

آقای علی صدارت وزارت عدلیه کے اعلی افسروں میں سے ہیں ۔ قدیم اور جدید طرز کے شعر کہتے ہیں مگر انکے قصاید کو غیر معمولی شہرت حاصل ہے —

دوش ، جانرا بچشم جان دیدم
عالمی برتر از گمان دیدم

کل میں نے اپنی جان کو روح کی آنکھ میں دیکھا مجھے ایک دنیا نظر آئی جو خیال کی حدود سے بالا تر تھی ۔

عالمی روشن از فروغ امید
دور از این تیره خاکدان دیدم

وہ دنیا امید کی روشنی سے منور تھی اور اس تاریک دنیا سے بہت دور تھی ۔

آنچه سر خوش نمی توان خواندم
وانچه وصفش نمی توان دیدم

اس دنیا میں کوئی تفصیل بیان نہیں کر سکتا جو دنیا میں نے دیکھی اسکی تعریف نہیں کی جا سکتی ۔

یعنی از فیلسوف عصر اقبال
نغز آثار جاودان دیدم

یعنی زمانے کے فلسفی اقبال کی اعلی اور جاویدان تصنیفات میں نے دیکھیں ۔

از ازل تا ابد سپر دم راه
هیچ جز او نه درمیان دیدم
میں نے ازل سے ابد تک کا راستہ طے کر لیا مگر سوائے ,, اسکے،،
مجھے کچھ نظر نہ آیا

ز آسمانی سوائد رنگیں
بر یکی گستریدہ خوان دیدم
آسمان سے رنگا رنگ کھانے ایک خوان پر چنے ہوئے میں نے دیکھے

دعوتی عام بود و بر آن خوان
دشمن و دوست میہمان دیدم
وہ ایک عام دعوت تھی اور اس خوان پر میں نے دوست و دشمن سب
کو مہمان دیکھا

از رموز جمال و راز کمال
ای بسا گنج شایگاں دیدم
جمال اور کمال کے راز و رموز کے میں نے کئی گنج شایگان دیکھے

فیلسوفی بزرگ و روشن رای
شاعری فحل و نکتہ داں دیدم
میں نے ایک عظیم الشان اور روشن فکر فلسفی اور شاعر و نکتہ داں دیکھا

شاہبازی کہ زیر شہپر او
باختر تا بخاوراں دیدم
وہ ایک شہباز تھا جسکے شہپر کے نیچے میں نے مغرب سے مشرق
تک کی فضا دیکھی

کوهها دره ها همه سر سبز
جویها چشمه ها روان دیدم

پہاڑ وادیاں سب سر سبز تھیں اور نہریں اور چشمے میں نے رواں دیکھے

صحنه ای همچو پهنهٔ گردون
واندر آن صحنه لعبتان دیدم

ایک منظر میں نے دیکھا جو آسمان کی طرح وسیع تھا اور اس منظرہ میں مجھے حورین نظر آئیں

شاد و سرمست و شوخ و شور انگیز
پای کوبان و کف زنان دیدم

میں نے دیکھا کہ حوریں شادو سر مست ، شوخ اور ذوق کی حالت میں رقص کر رہی ہیں

بر شد اندیشه ام بشهپر شرق
بمکانی که لامکان دیدم

میرا خیال مشرق کے سیر کی بدولت بلندی پر پرواز کررھا تھا ایسے مکان میں جہان میں نے لامکانی دیکھی

نه نشان از جهان خاک پدید
نه زمین و نه آسمان دیدم

نہ وہاں کہیں خاک کی دنیا کا نشان تھا نہ زمین اور نہ آسمان مجھے نظر آئے

طبع پاکش که ملهم است از غیب
راست چون بخت او جوان دیدم

اسکی پاک طبع کو جسکو غیب سے الہام ہوتا ہے بالکل اسکے بخت کی طرح جوان دیکھا

دلربا زادگان طبعش را
همه و شاداب شادمان دیدم

اسکی طبع کی دلربا اولاد کو میں نے ہر طرح شاداب اور شادماں دیکھا

بی شمر اختران فکرش را
بس فرا تر ز کہکشان دیدم

اسکے افکار کے بیشمار ستاروں کو میں نے کہکشاں سے بھی بلند تر دیکھا

در حریم تصوف و عرفان
رومیش یار و هم زبان دیدم

تصوف اور عرفان کی منزل میں میں نے رومی کو اسکا یار اور همزبان دیکھا

در سلوک ممالک حکمت
با سنائیش همعنان دیدم

حکمت کی مملکت اور سلوک کی منزل میں اسکو میں نے سنائی کا هم عنان دیکھا

آن همایون همای را که بود
بر سر سدره آشیان دیدم

وہ مبارک ہما کہ جسکا آشیان سدرہ کی چوٹی پرھے میں نے دیکھا ۔

نخل بار آوری سپهر آسای
سایه گسترده بر جهان دیدم

میں نے دیکھا ایک پھل دار درخت آسمان کی طرح تمام جہان پر سایہ ڈال رہا ھے ۔

راز نا گفتهٔ محبت را
نغز گفتار ترجمان دیدم

میں نے اسکو محبت کے نا گفتہ راز کا نہایت خوش بیان ترجمان دیکھا ۔

در نا سفته حقیقت را
شکرین لعل در فشان دیدم

میں نے اسے حقیقت کے ناسفتہ موتی اور شکرین لعل بکھیرتے ہوئے دیکھا ۔

زیر هر بیتی از سفینهٔ او
ژرف دریائی بیکران دیدم

اسکے بیت کے نیچے میں نے گہرا اور بیکران سمندر دیکھا ۔

پس هر سطری از صحیفهٔ او
یکجهان راز دل نهان دیدم

اس کتاب کی ہر سطر کے اندر میں نے راز ھائے دل کی ایک دنیا نہاں دیکھی ۔

او ،، مشرق پیام ،، آسمانی
در تن شرق چوں روان دیدم

اسکا آسمانی ،، پیام مشرق ،، مشرق کے بدن میں روح کی طرح مجھے نظر آیا

تا از او دیدم ،، ارمغان حجاز ،،
روح را نغز ارمغان دیدم

ار مغان حجاز کو میں نے روح کے لئے ایک اچھا تحفہ پایا ھے

طبع او را ز بس گہر پرورد
غیرت بحرو رشک کان دیدم

اسکی طبع سے بیشمار گہر پدیدار ھوئے ھیں میں نے اسکو غیرت بحر اور رشک کان دیکھا ھے

کاخی افکند پس که بر در آن
جرخ را سر بر آستان دیدم

اسنے ایک ایسا محل تعمیر کیا جسکے آستانہ پر میں نے آسمان کا سر جھکا ھوا دیکھا

نام او عرصۂ زمین بگرفت
فکر او چیره بر زمان دیدم

میں نے دیکھا کہ اسکا نام دنیا کی وسعت پر چھا گیا ھے اسکے افکار نے زمانے کو فتح کر لیا ھے

فرخا کاروان ،، نہضت شرق ،،
که ورا میر کاروان دیدم

مشرق کی تحریک کے کاروان کو مبارک ھوکہ میں نے اقبال کو اسکا میر کاروان دیکھا ھے

در تعالیم آسمانی او

سعی و پرهیز توامان دیدم

اسکی آسمانی تعلیم میں میں نے کوشش اور پرہیز گاری کا امتزاج دیکھا

عقل را پیشوای عزم و عمل

عشق . را رهنمای جان دیدم

میں نے وهاں عقل کو عزم اور عمل کے پیشوا کی حیثیت سے اور عشق کو روح کا راهنما دیکھا

بر بشر چوں پدر بفرزندش

نیک اندیش و مہربان دیدم

اقبال بشر کے لئے ایسا مہربان اور بھلائی کا خواهاں ہے جیسے کہ باپ اپنے بیٹے کا

از دها و نبوغ بی مانند

در سخنہائے او نشان دیدم

میں نے بے نظیر دانش اور نبوغ (Genius) کا اسکے اشعار میں نشان دیکھا ہے

جلوۂ قدس و آیت اعجاز

در ,, زبور عجم ،، عیان دیدم

میں نے اسکی ,, زبور عجم ،، میں جلوہ قدس اور آیت اعجاز دیکھے ھیں

دست موسئیش در طلیعۂ فکر

دم عیسئش در بیان دیدم

اسکے افکار کا طلوع موسی کے هاتھ کی طرح اور اسکا بیان مجھے عیسی کا دم نظر آیا

این مبارز دمی ز پا ننشست
تاش پیروز و کامران دیدم

اس جنگجو نے ایک لمحے کے لئے بھی دم نہیں لیا جبتک کہ میں نے اسکو فاتح اور کامیاب دیکھ نہ لیا

کشورش را بیمن همت او
از بد دهر در امان دیدم

اسکی همت کی برکت سے اسکے ملک کو میں نے زمانے کی برائیوں سے امان میں دیکھا ھے

خاک لاهور را به اقبالش
بر مه و هور سر گران دیدم

میں نے لاهور کی خاک کو جسمیں اقبال مدفون ھے چاند اور سورج سے زیادہ گران مایہ دیکھا ھے

* * *
* *
*

دودمانی است خاور و او را
سر و سالار دودمان دیدم

مشرق ایک خاندان کے مانند ھے اور میں دیکھتا ھوں کہ وہ اس خاندان کا سر پرست ھے

بوستانی است خاور و اورا
سرو آزاد بوستان دیدم

مشرق ایک بوستان ھے جسمیں میں نے اسے اس بوستان کا سرو آزاد دیکھا

مجد اسلام و رستگاری شرق
در جهان اینش آرمان دیدم

میں نے دیکھا کہ دنیا میں اسکا ارمان و آرزو اسلام کی عظمت اور مشرق کی آزادی ھے

شرق را زد صلای استقلال
رستخیزی بپا از آن دیدم

اسنے مشرق کو آزادی کی تلقین کی اور میلاب بید نے اسمیں انقلاری برپا دیکھا ھے

در تکاپو براہ آزادی
خنگ عزمش بزیر ران دیدم

آزادی کی راہ میں دوڑ دھوپ کے لئے میں نے ھمیشہ اسکو عزم کے گھوڑے پر سوار دیکھا ھے

تا نیابی معرفت بر نفس خویش
رہ نیابد نفس تو گاہی بہ پیش

اگر تو اپنے نفس سے آشنا نہیں ہو گا تیری زندگی ایک قدم بھی آگے نہ بڑھ سکے گی

ہر کہ نفس خویشتن تسخیر کرد
میتواند چارۂ تقدیر کرد

وہ جس نے اپنے نفس کو تسخیر کر لیا تقدیر پر قابو پا سکتا ہے

لن ترانی چند در طور خودی
رو خدا بین باش با نور خودی

"خودی" کے طور پر کبتک "لن ترانی" سنیگے
جاؤ نور خدا سے خدا کو دیکھنے کی صلاحیت پیدا کرو

کز خودی باشد جہان را رنگ و بو
وز خودی باشد تجلی ہای ہو

جہان کا رنگ و بو خودی کی بدولت ہے اور عالم ہو کی تجلیاں بھی خودی ہی کا جلوہ ہیں

زندگی یعنی دما دم خواستن
نز قناعت بیشگی کم خواستن

زندگی کیا ہے؟ ہمیشہ آرزو مند رہنا نہ کہ قناعت پیشہ ہونا اور آرزو کو کم کرنا

اقتباس اشعار آقای احمد گلچین معانی

(گلچین معانی ایران کے ادبی حلقوں میں غیر معمولی شہرت رکھتے ہیں ۔ اور انکا کلام ملک کے تمام بلند معیار مجلات میں چھپتا ہے۔

رباعی

تا چند ز خویشتن جدائی کردن
در کار وجود سست رائی کردن
ز اقبال شنو که گفت خود را بشناس
کز راه خودی توان خدائی کردن

تو کبتک اپنے آپ سے جدا رہے گا اور زندگانی کے کاموں میں سستی کریگا

سنو اقبال کہتا ہے کہ اپنے آپ کو پہچانو کیونکہ ,, خودی،، کی راہ سے ہم خدائی پر تسلط پیدا کر سکتے ہیں

مثنوی

بشنو از آن فیلسوف پاکزاد
مونوی ثانی آن اقبال راد

اس پاک زاد فلسفی ,, رومی ثانی ،، اقبال عظیم المرتبت کی بات سنو

کز خودی دارد جهان نام و نشان
جز خودی چیزی نپاید در جهان

که دنیا کا نام و نشان ,, خودی ، کی بدولت ہے خودی کے بغیر کوئی چیز جہاں میں باقی نہیں رہ سکتی

مقصد از خود جوی و راه از خویشتن
و آنچه می خواهی بخواه از خویشتن

اپنا مقصد اور اپنا راستہ خود تلاش کر جس چیز کی تجھے ضرورت ھے اپنے آپ سے طلب کر

در بلا بگیریز و خود را رنجه کن
با حوادث پنجه اندر پنجه کن

مصیبت اور بلا میں کود پڑ اور تکلیف اٹھا حوادث کے ساتھ جنگ شروع کر دے

از بلا ها پخته تر گردد خودی
تا خدا را پرده در گردد خودی (۱)

خودی ، بلا و مصیبت سے زیادہ مضبوط ھو جاتی ھے اور خودی اسی طرح خدا کے اسرار کو آشکار کر دیتی ھے

سر هستی عشق دان و آرزو
کآدمی خود نیز صورت بست ازو

زندگی کا راز عشق اور آرزو ھے اور انسان کی شکل بھی اسی سے وجود میں آئی ھے

از محبت کن خودی را زنده تر
زنده تر ، تابنده تر ، سوزنده تر

عشق کے ذریعے خودی کو زندہ کر دے تا کہ وہ زندہ تر ، تابندہ تر اور سوزندہ تر ھو جائے

آرزو کن کارزو مقصود جوست
درجہان عقل و خرد مخلوق اوست

آرزو کرو کیونکہ آزرو سے مقصد حاصل ہوتا ہے دنیا میں عقل اور خرد آرزو ہی سے وجود میں آتی ہے

آرزو مندی ترا بخشد حیات
ترک عشق و آرزو یعنی ممات

تیری آرزو مندی تجھے زندگی بخشتی ہے عشق اور آرزو کا ترک کرنا موت کے مترادف ہے

تنگ بگرفتن جہاں را چوں قفس
شیوۂ اقوام مغلوبست و بسی

جہاں کو ایک قفس کی طرح سے خیال کرنا صرف مغلوب قوموں کا شیوہ ہے

بال و پر بگشای و در پرواز باش
چوں ہزار آوا بلند آواز باش

اپنے بال و پر کھول اور پرواز کر تیری آواز ہزار صداوں کے برابر ہونی چاہیئے

گر نخواہی تا خودی گردد حقیر
خود مشوز احسان کس منت پذیر

اگر تو اپنی خودی کو حقیر بنانا نہیں چاہتا تو کسی کا احسان اور منت مت اٹھا

از قصیده آقای علی خدائی

(آقای علی خدائی محکمه تعلیم کے رکن ہیں اور زاھدان میں مقیم ہیں آپ کو اقبال سے بہت گہری عقیدت ہے)

زهی بزرگ هنر ور محمد اقبال
سپهر زهد ورع مهر برج فضل وکمال

عالی مقام صاحب ہنر محمداقبال پر آفریں وہ زہد و ورع اور فضل وکمال میں آسمان کا مرتبہ رکھتا ہے

چکامه ساز دری فیلسوف پاکستان
که بس حقائیق تفصیل رانده در اجمال

